ABC CERTIFEID

وفاقی دارلحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول وکثیرالاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹر راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر اسامہ امتیاز عباسی

جلدنمبر 07 | جمعرات 8 اکتوبر 2026ء 24 ربیع الثانی 1448ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 34

فون: 0333-5196088 Email:sheharnama@gmail.com Web:www.sheharnama.com

http://www

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے شہرنامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ”شہرنامہ“ ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں

Epaper

www.dailysheharnama.com

قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کرپشن اسکینڈل 5 کروڑ کے گھپلے اسپیکر کا حکم تحقیقات شروع

سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف کے خلاف چارج شیٹ ، سرمایہ کاری، ورک ویزا اور سیکیورٹی اہلکاروں سے بھتہ وصولی سمیت سنگین الزامات

پارلیمنٹ کے سیکیورٹی اہلکار اور ایڈیشنل سارجنٹ ایٹ آرمز بھی مبینہ فراڈ کا شکار بنے،اشفاق اشرف نے سابق فوجی افسر سے سرمایہ کاری کے نام پر 5 کروڑ روپے ہڑپ کیے

اسپیکر سردار ایاز صادق نے ایڈیشنل سیکرٹری حسین رضا زیدی کو انکوائری افسر مقرر کرتے ہوئے سات روز میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی

اسلام آباد(شہرنامہ رپورٹ) قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میں کروڑوں روپے کے مبینہ کرپشن اسکینڈل کا انکشاف ہوا ہے۔سارجنٹ ایٹ آرمز اشفاق اشرف کے خلاف چارج شیٹ جاری کردیا گیا۔سرمایہ کاری، ورک ویزا اور سیکیورٹی اہلکاروں سے بھتہ وصولی سمیت سنگین الزامات سامنے آگئے۔چارج شیٹ کے مطابق اشفاق اشرف نے سابق فوجی افسر سے سرمایہ کاری کے نام پر 5 کروڑ روپے ہڑپ کیے۔اسپیکر کے مشیر محمد مشتاق کا نام مبینہ طور پر استعمال کرکے کروڑوں روپے کے فراڈ کا بھی الزام ہے۔جعلی انویسٹمنٹ اسکیم کے تحت ماہانہ 10 فیصد منافع کا جھانسہ دے کر کروڑوں روپے بٹورنے کا بھی الزام عائد کیا گیا ہے۔قومی اسمبلی کے ایڈیشنل سارجنٹ ایٹ آرمز بھی مبینہ فراڈ کا شکار بنے۔ چارج شیٹ کے مطابق بیٹے کو برطانیہ کا ورک ویزا دلوانے کا جھانسہ دے کر اٹھائیس لاکھ روپے وصول کیے گئے۔پارلیمنٹ کے سیکیورٹی اہلکار بھی(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 56)

اسلام آباد،وزیراعظم شہبازشریف سے وزیرامورکشمیر وگلگت بلتستان انجینئرامیر مقام ملاقات کررہے ہیں

سی ڈی اے اسلام آباد میں ہوٹل اور پیٹرول پمپ سائٹس کی اوپن نیلامی کا اعلان

نیلامی کا مقصد شہر میں معیاری ہوٹلنگ، سیاحت اور کانفرنسز کے بڑھتے ہوئے تقاضوں کو پورا کرنا ہے

نیلامی کیلئے 2 کروڑ 0 5لاکھ روپے ٹوکن منی مقرر، ماہانہ کرایہ بولی کے ذریعے طے ہوگا

اسلام آباد(نمائندہ شہرنامہ) کیپیٹل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) کی جانب سے اسلام آباد میں کمرشل رئیل اسٹیٹ کے فروغ کے لیے اہم ہوٹل پلاٹس اور پٹرول پمپ سائٹس کی اوپن نیلامی کا انعقاد کیا جارہا ہے۔نیلامی کا انعقاد 12اور 13 اکتوبر 2026 کو جناح(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 57)

فیلڈ مارشل سے سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ کی ملاقات

ملاقات میں کشمیر، سندھ طاس معاہدہ، افغان دہشت گردی پر بات چیت

راولپنڈی(مانیٹرنگ ڈیسک) اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کی آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات ہوئی ہے جس میں علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، سندھ طاس معاہدے اور افغان دہشت گردی پر بات ہوئی۔آئی ایس پی آر کے مطابق یہ ملاقات(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 29)

ایران کوجوہری افزودگی کی صلاحیت کم کرنا ہوگی، جے ڈی وینس

واشنگٹن(صباح نیوز)امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے کہا ہے کہ جنگ کے خاتمے کے لیے ایران کو اپنی جوہری افزودگی کی صلاحیت کم کرنا ہوگی،ایران ہرمز میں(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 30)

راولپنڈی، فیلڈ مارشل عاصم منیر سے سیکرٹری جنرل اقوام متحدہ انتونیو گوتریس ملاقات کررہے ہیں

اہم فیصلے کا وقت آچکا، لانگ مارچ اسلام آباد پہنچے گا، بیرسٹر گوہر

خیبرپختونخوا کو نااہل حکمرانوں پر نہیں چھوڑ سکتے، خواجہ آصف

پختونخوا میں گورنرراج کے حوالے سے حتمی فیصلہ حالات اور دستیاب آپشنز کو دیکھ کر کیا جائیگا، ہر دو تین ماہ بعد لشکرکشی کے ذریعے دارالحکومت پر حملے کی اجازت نہیں دی جاسکتی، وزیر دفاع

مذاکرات پر بیٹھنا آسان نہیں تھا، ہم بڑی مشکل سے بیٹھے تھے، اٹھنا نہیں چاہیے تھا، ملک، قوم اور جمہوریت کے لیے مذاکرات کا کامیاب ہونا بڑا ضروری ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ خیبرپختونخوا میں گورنرراج آخری آپشن ہوگا اور کوشش ہے کہ اس آپشن تک نہ جانا پڑے۔انہوں نے کہا کہ اگر کوئی راستہ باقی نہ بچا تو اسلام آباد کو کسی کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے اور اسلام آباد پر حملہ ہوا تو دفاع کریں گے۔بدھ کے روز پارلیمنٹ ہاؤس اسلام آباد میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیر(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 59)

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ وزیراعظم نے مذاکرات کی مشروط پیشکش کی ہے، مذاکرات ضرور ہونے چاہئیں مگر کسی شرط کے بغیر ہونے چاہئیں، اسلام آباد بھی ہمارا ہے یہاں لانگ مارچ کیوں نہیں پہنچے گا؟ میڈیا سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مذاکرات پر بیٹھنا آسان نہیں تھا، ہم بڑی مشکل سے بیٹھے تھے، اٹھنا نہیں(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 58)

صدر زرداری پاکستان توڑنا چاہتے ہیں

وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کاالزام

جب تک وزیراعلیٰ ہوں خیبرپختونخوا میں فوجی آپریشن نہیں ہونے دوں گا، خیبر میں خطاب

پشاور(بیوروریورٹ) وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے کہا ہے کہ مسلط ذہنیت ہم سے کے پی میں ایک اور آپریشن کرانا چاہتی ہے مگر جب تک وزیراعلیٰ ہوں خیبرپختونخوا میں فوجی آپریشن نہیں ہونے دوں گا۔ضلع خیبر میں لانگ مارچ کے شرکا سے خطاب میں ان کا کہنا تھا کہ خیبرپختونخوا میں دوبارہ کوئی فوجی آپریشن نہیں ہونے(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 60)

اسلام آباد: وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد، وزیراعظم کے مشیر سیاسی امور سینیٹر رانا ثناءاللہ، پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان کے دستے کئی دہائیوں سے سعودیہ میں تعینات، ترجمان پاک فوج

مکہ معاہدے کے تحت موجود دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں

اسلام آباد(سٹاف رپورٹر) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے ڈائریکٹر جنرل (ڈی جی) لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے سعودی عرب میں پاکستانی فوجی دستوں کی موجودگی کی تصدیق کردی۔سی این این کو انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 61)

جب سالا وارداتیں کررہا تھا اس وقت دین نہیں یاد آیا؟ خواجہ آصف

دین حلیہ یا وضع قطع سے نہیں روح کی پاکیزگی سے آتا ہے۔وزیر دفاع کا عمران خان کے بہنوئی احد خان کو جواب

میں گناہ گار آدمی ہوں، کہنے کی جسارت کر رہا ہوں، یہ منافقت ہے ہمارا دین نہیں، خواجہ آصف کا ایکس پر ٹویٹ

اسلام آباد(شہرنامہ رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کے بہنوئی احد خان کو جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ جب سالا وارداتیں کررہا تھا اس وقت دین نہیں یاد تھا؟ انہوں نے ایکس پر اپنے ٹویٹ میں کہا کہ میں گناہ گار آدمی ہوں کہنے کی جسارت کر رہا ہوں۔یہ منافقت ہے ہمارا دین نہیں۔خواجہ آصف نے کہا کہ دین حلیہ یا وضع قطع سے نہیں روح کی پاکیزگی سے آتا ہے۔واضح رہے کہ بانی(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 31)

مشترکہ آبی وسائل پر تعاون ناگزیر سندھ طاس معاہدہ پر عملدرآمد کیا جائے، اسحاق ڈار

پاکستان کے لیے آبی، غذائی، معاشی تحفظ اور قومی سلامتی سے الگ نہیں، بھارت ہٹ دھرمی ترک کرے، نائب وزیراعظم

پاکستانی سفارتخانے اور ڈپلومیٹک اکیڈمی آف ویانا کو اس اہم سمپوزیم کے انعقاد پر خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں، خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) نائب وزیراعظم و وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے مشترکہ آبی وسائل پر تعاون کو علاقائی امن، معاشی ترقی اور ماحولیاتی پائیداری کے لیے ناگزیر قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے لیے آبی تحفظ، غذائی تحفظ، معاشی تحفظ اور قومی سلامتی سے الگ نہیں ہے۔ بھارت سندھ طاس معاہدے کے حوالے سے اپنی ہٹ دھرمی اور غیر قانونی اقدامات کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔سندھ طاس معاہدے پر من وعن عمل درآمد کیا جائے۔پاکستان کو(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 46)

کراچی، وزیرخزانہ محمد اورنگزیب میکروفنانس کانفرنس سے آن لائن خطاب کررہے ہیں

یمنی حوثیوں کاسعودی شہر پر حملہ ناکام بیلسٹک میزائل فضا میں تباہ

ریاض (صباح نیوز)سعودی فوجی اتحاد نے کہا ہے کہ یمن کے حوثیوں کی جانب سے سعودی شہر ’خمیس مشیط‘ کی طرف فائر کیا گیا ایک بیلسٹک میزائل فضاہی میں تباہ کردیا۔سعودی فوجی اتحاد کا کہنا ہے کہ حوثیوں کی جانب(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 47)

مسجد اقصیٰ کی آزادی مکہ معاہدہ کی ترجیح ہونی چاہیے، حافظ نعیم

پٹرولیم لیوی ختم نہ ہوئی تو ملتان سے مارچ کا آغاز کردیں گے، امیر جماعت اسلامی

طوفان الاقصیٰ کے دن کی مناسبت سے غزہ یکجہتی مارچ سے خطاب، چارسدہ جلسہ کا اعلان

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر)امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہ پاکستان ، سعودی عرب اور ترکیہ دفاعی معاہدہ کی اولین ترجیح مسجد اقصیٰ کی آزادی ہونی چاہیے۔ اسلام آباد فلسطین کے حوالے سے واضح موقف اپنائے اور اسلامی ممالک کے سربراہوں کی کانفرنس بلا کر اسرائیل کو اہل غزہ کے خلاف سفاکیت ختم کرنے کا دوٹوک پیغام دیا جائے۔حکمرانوں نے کشمیر پر ٹرمپ کی ثالثی کا ڈھونگ رچایا، ثالثی کہاں گئی؟ ہمیں معلوم ہے(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 40)

HSSC رجسٹریشن ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع

توسیع الحاق شدہ اداروں کی جانب سے موصول ہونے والی درخواستوں کے پیش نظر کی

اسلام آباد(نمائندہ خصوصی) ایف بی آئی ایس ای کی جانب سے ایچ ایس ایس سی رجسٹریشن ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع وفاقی تعلیمی بورڈ برائے انٹرمیڈیٹ و ثانوی تعلیم (FBISE)، اسلام آباد نے تمام الحاق شدہ اداروں کے لیے ہائر سیکنڈری اسکول سرٹیفکیٹ (HSSC) کی سطح پر رجسٹریشن ریٹرنز جمع کرانے کی آخری تاریخ میں توسیع کرتے ہوئے اسے*30 اکتوبر2026ءمقرر کردیا ہے۔یہ توسیع (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 32)

ایران آبنائے ہرمز پر قبضہ کھوچکا معیشت زوال کاشکار ہے، مارکو روبیو

ایتھنز(آئی این پی)امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے ایتھنز میں پریس کانفرنس کے دوران کہا ہے کہ ایران اپنے جوہری پروگرام کے بارے میں امریکہ کے ساتھ معاہدے(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 34)

لانگ مارچ، کے پی میں سرکاری کام رک گئے

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی کی پشاور میں عدم موجودگی سے سارے امور ٹھپ

پشاور(نیوزایجنسیاں)وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کی پشاور میں عدم موجودگی کے باعث حکومت کے سرکاری کام رک گئے۔وزیر اعلیٰ سہیل آفریدی لانگ مارچ کی قیادت کرتے ہوئے خیبرپختونخوا کے مختلف علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں ،ان کی عدم موجودگی میں خیبرپختونخوا حکومت کے سرکاری کام رک گئے ہیں۔وزیر اعلیٰ خیبرپختونخوا کی پشاور میں عدم موجودگی(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 48)

حوثیوں کا یمن کے عدن ایئرپورٹ پر حملہ، دوبیلسٹک میزائل داغ دیے

عدن(صباح نیوز) جنوبی یمن میں حوثی گروپ نے عدن انٹرنیشنل ایئرپورٹ کو دوبیلسٹک میزائلوں سے نشانہ بنایا ہے، تاہم ابتدائی اطلاعات کے مطابق حملے میں کوئی(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 50)

غزہ، پراسرائیلی گولہ باری میں مزید 6 فلسطینی شہید

ایک سال کے دوران 1400 فلسطینی شہید، غزہ کا تقریبا82 فیصد انفرااسٹرکچر متاثر

غزہ(آئی این پی) اکتوبر 2025 میں امریکی ثالثی میں طے پانے والی جنگ بندی کے باوجود غزہ میں اسرائیلی فوج کی بربریت کا سلسلہ جاری ہے۔غزہ کے مشرقی(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 49)

الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس کا فیصلہ نہ ہوسکا

آٹو پالیسی میں آئی ایم ایف کے اعتراضات تاحال ختم نہ ہوسکے، ذرائع

اسلام آباد(نیوزایجنسیاں)عالمی مالیاتی فنڈ(آئی ایم ایف) اور پاکستان کے درمیان مذاکرات آٹو پالیسی میں آئی ایم ایف کے اعتراضات احال (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 33)

اسلام آباد، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن غزہ یکجہتی مارچ سے خطاب کررہے ہیں

اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار سے بیلاروس کے قومی سلامتی کے مشیر ملاقات کررہے ہیں

تنزانیہ، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تنزانیہ کی قومی اسمبلی کے اسپیکر سے ملاقات کررہے ہیں

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام، زیرالتواقسطوں کے اجرا کی راہ ہموار

انتظامی پیچیدگی دور ہونے کے بعد دوسری قرض قسط اجراء کی منظوری دی گئی

لاہور(آئی این پی) اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے مستحقین کیلئے زیرالتوا دوسری قرض قسطوں کے اجرا کی راہ ہموار ہوگئی اور 8ہزار 523 مستحقین کی دوسری قسط منظور کرلی گئی۔محکمہ خزانہ اور پنجاب ہاسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی کے درمیان قسطوں کے اجرا سے متعلق انتظامی پیچیدگی دور ہونے کے بعد دوسری قرض قسط جاری کرنے کی منظوری دی گئی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 41)

بنوں، پولیس سے فائرنگ تبادلے میں 2 دہشتگرد ہلاک

ٹانک میں این جی او کے 3 ملازمین اغوا، مغوی ڈاکٹر مبشر بحفاظت گھر واپس پہنچ گئے

بنوں ،ٹانک (نیوزایجنسیاں)خیبرپختونخوا کے ضلع ٹانک میں این جی او کے تین ملازمین کو اغوا کر لیا گیا جبکہ بنوں میں پولیس کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے میں دو دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔پولیس نے بتایا کہ ٹانک کے علاقے گرہ میٹھو سے این جی او کے تحت بنیادی مراکز صحت میں کام کرنے والے 3 افراد کو مبینہ طور پر اغوا کرلیا گیا ہے، مغویوں کی شناخت سعید انور، صفی(باقی صفحہ 7بقیہ نمبر 35)

بانی پی ٹی آئی کیلئے لندن سے ڈاکٹر بلانے کی تصدیق

راولپنڈی (صباح نیوز) بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے کے لیے لندن سے ایک ڈاکٹر کو اڈیالہ جیل بلوانے کی تصدیق ہوگئی، اڈیالہ جیل راولپنڈی میں 10 اگست کو بانی کے طبی معائنے کی رپورٹ سامنے آگئی۔ رپورٹ کے(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 36)

پنجاب میں بلدیاتی الیکشن اپریل میں کرانے کی تجویز

15 دسمبر سے یکم جنوری تک پنجاب میں سموگ اور فوگ کے امکانات ہیں

لاہور(نیوزایجنسیاں) محکمہ بلدیات پنجاب نے انتخابات دسمبر یا جنوری کے بجائے اپریل 2027 میں کرانے کی تجویز پر غور شروع کر دیا۔ذرائع کے مطابق محکمہ سکول ایجوکیشن نے محکمہ بلدیات کو تجویز دی ہے کہ 15 دسمبر سے یکم جنوری تک پنجاب میں سموگ اور فوگ کے امکانات کے باعث بلدیاتی انتخابات کی تاریخ تبدیل کی جائے۔ذرائع کا کہنا(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 51)

حملوں میں 111 پیٹروکیمیکل اور فارماسیوٹیکل مراکز کونقصان پہنچا، ایران

تہران(نیوزایجنسیاں) ایران نے کہا ہے کہ امریکی حملوں کے نتیجے میں ملک بھر میں 111 پیٹروکیمیکل اور فارماسیوٹیکل تنصیبات کو نقصان پہنچا ہے، جس سے صنعتی سپلائی چینز اور کیمیائی ہتھیاروں کے خلاف بین الاقوامی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 52)

BYD نے شارک 6 کی خصوصی انیورسری ایڈیشن متعارف

صارفین ایسا آپشن فراہم کرنا تھا جواس سے قبل دستیاب نہیں تھا، دانش خالق

اسلام آباد(پ ر) پاکستان میں بی وائی ڈی کے آفیشل پارٹنر میگا موٹر کمپنی نے پاکستان میں بی وائی ڈی شارک 6 کی آمد کو ایک سال مکمل ہونے پر خصوصی سالگرہ ایڈیشن (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 42)

خیبرپختونخوا، بلوچستان میں فورسز کی کارروائیاں، 18 دہشتگرد ہلاک

شمالی وزیرستان میں کارروائی کے دوران 13 دہشتگرد ہلاک، مستونگ میں فتنہ الہندوستان کے 5 کارندے مارے گئے

دہشتگردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد، صدر، وزیراعظم اور وزیرداخلہ کا کامیاب آپریشنز پر فورسز کو خراج تحسین

میرانشاہ ،مستونگ (صباح نیوز) خیبر پختون خوا اور بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاعات پر کارروائیاں کرتے ہوئے 18 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا، دہشت گردوں کے ٹھکانوں سے اسلحہ اور گولہ بارود برآمد کر لیا گیا، صدرِ مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم شہباز شریف اور وفاقی وزیر داخلہ نے خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 37)

مذاکرات کی پیشکش موجود، لانگ مارچ ختم کریں تو بات ہوسکتی ہے، رانا ثنا

تحریک انصاف کو دہشت گردی کے خلاف جنگ میں غیر مشروط طور پر پاکستان اور وفاقی حکومت کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے

پی ٹی آئی لانگ مارچ ایک ماہ بھی جاری رکھے تو خود تھک جائیگی جبکہ موجودہ تعداد اسلام آباد آنے کی پوزیشن میں نہیں، گفتگو

اسلام آباد (نیوزایجنسیاں)وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور سینیٹر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ مذاکرات کی پیشکش موجود ہے، لانگ مارچ ختم کریں تو بات ہوسکتی ہے۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں وفاقی حکومت نے جو بھی فیصلہ کیا ہے، تمام اداروں اور صوبائی حکومتوں کو غیر مشروط طور پر اس کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے، تحریک انصاف کو دہشت (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 54)

پاکستان کی اقوام متحدہ میں محفوظ پانی سے متعلق قرارداد منظور

سفارتی کوششوں سے پہلی بار قرارداد میں پانی کے سرحد پار تعاون کا واضح حوالہ شامل

جنیوا (صباح نیوز) جنیوا میں اقوام متحدہ کی انسانی حقوق کونسل میں محفوظ پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حق سے متعلق قرارداد منظور کرلی گئی۔ پانی کے سرحد پار تعاون سے متعلق پاکستان نے اہم سفارتی کامیابی حاصل کرلی، پاکستان کی سفارتی کوششوں(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین فیڈرل کمیٹی برائے زراعت کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

کوہاٹ میں پولیس چوکی پر فائرنگ، 4 اہلکار زخمی

پولیس کی جوابی کارروائی پر ملزمان فرار، زخمی ہسپتال منتقل

کوہاٹ(صباح نیوز) خیبر پختونخوا کے ضلع کوہاٹ میں پولیس چوکی پر دہشت گردوں نے فائرنگ کردی، جس کے نتیجے میں 4 اہلکار زخمی ہو گئے۔پولیس کے مطابق ملزمان نے کوہاٹ کی شادی پور چیک پوسٹ کو نشانہ بنایا، پولیس کی جوابی کارروائی پر ملزمان (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 44)

پریزیڈنٹ ٹرافی پانچویں راؤنڈ کے کھیل جاری

حسنین ندیم کی سنچری، خالد عثمان اور شاہنواز دھانی کی شاندار بولنگ

خالد عثمان اور شاہنواز

اسلام آباد(پی پی اے) پریزیڈنٹ ٹرافی گریڈ ون کے پانچویں راؤنڈ کے دوسرے روز چار مقامات پر کھیل جاری رہا جہاں حسنین ندیم نے شاندار سنچری اسکور کی جبکہ خالد عثمان اور شاہنواز (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 45)

سرکاری حج سکیم: واجبات کی دوسری قسط کی وصولی جاری

آخری تاریخ 20 اکتوبر مقرر، حج پورٹل پر میڈیکل فٹنس سرٹیفکیٹ اپ لوڈ کرنالازمی

اسلام آباد (صباح نیوز) سرکاری حج اسکیم کے تحت حج واجبات کی دوسری قسط کی وصولی جاری ہے ،اوراب تک 22ہزار 172 عازمین حج دوسری قسط کی ادائیگی مکمل کر چکے ہیں۔ترجمان وزارت مذہبی امور کے مطابق ون لنک کے ذریعے 12 ہزار 743 عازمین حج نے گھر بیٹھے دوسری قسط کی ادائیگی مکمل کی، جبکہ ایک ہزار 89 افراد نے بینک کارڈ اور 8ہزار 340 افراد(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 53)

غزہ جنگ کے تین سال، 71 ہزار سے زائد بچے یتیم

غزہ(صباح نیوز) غزہ میں جاری جنگ نے تین برس کے دوران جہاں بڑے پیمانے پر جانی و مالی نقصان پہنچایا، وہیں فلسطینی معاشرے پر گہرے سماجی اثرات بھی چھوڑے ہیں۔غزہ کی وزارتِ سماجی ترقی کے اعداد(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 55)

پاکستان نے سری لنکا کیخلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز کی تیاری شروع کردی

راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں قومی ٹیم کا بھرپور ٹریننگ سیشن پہلا میچ نو اکتوبر کو ہوگا

راولپنڈی (پی پی اے) پاکستان ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ٹیم نے سری لنکا کے خلاف تین میچز پر مشتمل سیریز کے لیے تیاریوں کا آغاز کردیا پاکستان اور سری لنکا کی ٹیموں نے راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں ٹریننگ سیشنز میں حصہ لیا پاکستانی کھلاڑیوں نے کوچز کی نگرانی میں بیٹنگ باؤلنگ اور فیلڈنگ کی بھرپور مشقیں کیں ہیڈ کوچ مائیک ہیسن نے ٹریننگ سیشن سے قبل(باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 38)

بنوں، ککی، منڈان سے 5افراد کی چھلنی لاشیں برآمد

بنوں (نیوزایجنسیاں) بنوں کے مختلف علاقوں سے 5 افراد کی گولیوں سے چھلنی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔پولیس حکام کے مطابق تھانہ منڈان کی حدود سے 55 سالہ شیر ایاز اور 25 سالہ عدنان کی لاشیں ملیں جبکہ تھانہ ککی کی (باقی صفحہ 3بقیہ نمبر 39)

Daily SHEHAR NAMA
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد

ایڈیٹوریل
فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا
اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا
رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد
آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

سعودعرب میں فوجی دستے فوری تعیناتی کیلئے فراہم کرنے کا فیصلہ!

مکہ دفاعی اتحاد نے ضروری فوجی قوت اور صلاحیتیں سعودی عرب میں فوری تعیناتی کیلئے فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق اتحاد کی سٹرٹیجک سیاسی اور دفاعی کمیٹی کا ہنگامی اجلاس ریاض میں ہوا جس میں تینوں ملکوں کے نمائندوں نے شرکت کی۔ لیفٹیننٹ جنرل (ر) نعمان محمود تین سال کیلئے مکہ دفاعی اتحاد کے پہلے سیکرٹری جنرل مقرر کردیئے گئے۔ فریقین نے سیکرٹری جنرل کی تقرری کا خیرمقدم کرتے ہوئے اُن کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور اتحاد کو آگے بڑھانے اور اُس کے مقاصد کے حصول میں اُن کے کردار پر اعتماد کا اظہار کیا۔ اجلاس میں مکہ اور مدینہ کو نشانہ بنانے کی کوشش اور سعودی شہروں پر حملوں کی مذمت کی گئی۔ اجلاس کے مشترکہ اعلامیے میں کہا گیا کہ ہم سعودی عرب کی سلامتی کیخلاف حملے یا دھمکی کو مسترد کرتے ہیں، سعودی مسلح افواج کی پیشہ ورانہ صلاحیت اور تیاری کو سراہتے ہیں، مکہ دفاعی اتحاد اجتماعی دفاع کے پختہ عزم اور خطرات کیخلاف متحدہ مؤقف کا عکاس ہے۔ اجلاس میں اجتماعی دفاعی وعدوں پر فوری عملی پیشرفت کا فیصلہ کیا گیا، ضروری فوجی قوت اور صلاحیتیں سعودی عرب میں فوری تعیناتی کیلئے فراہم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ مشترکہ اعلامیے میں یہ بھی کہا گیا کہ تینوں ممالک کی سلامتی اجتماعی بقاء کا لازمی حصہ ہے، مکہ دفاعی معاہدے کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنا اجتماعی دفاع کے عزم کی ساکھ ظاہر کرتا ہے۔ تینوں ممالک اپنی سلامتی، خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے دفاع کیلئے متحد اور پُرعزم ہیں۔ کمیٹی نے اجلاس سے قبل ہونے والے سیاسی اور عسکری مشاورتی عمل کے نتائج کا جائزہ لیا اور پیش کی گئی سفارشات کی منظوری دے دی جن میں فوجی دستوں اور صلاحیتوں کی سعودی عرب میں تیز رفتار تعیناتی یقینی بنانے کا کہا گیا جو منظور شدہ انتظامات کے علاوہ تینوں ممالک کے ریاستی قوانین کے مطابق ہوگی۔

پاکستان اور سعودی عرب کے درمیان کئی دہائیوں سے قریبی دفاعی تعاون موجود ہے جبکہ ترکیہ بھی پاکستان اور سعودی عرب دونوں کے ساتھ دفاعی اور تزویراتی تعلقات رکھتا ہے، اِسی باہمی تعاون کو 7 اگست 2026ء کو ایک باقاعدہ اجتماعی دفاعی ڈھانچے میں تبدیل کردیا گیا تھا۔ سعودی ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان، ترک صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم پاکستان شہباز شریف نے مکہ مکرمہ میں مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے تھے۔ معاہدے کا بنیادی نکتہ یہ ہے کہ تینوں میں سے کسی ایک ملک پر مسلح حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ معاہدے کے تحت تینوں ممالک دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مضبوط اور کسی بھی جارحیت کے مقابلے میں اجتماعی دفاعی روک تھام کو مؤثر بنائیں گے۔ پاکستان نے کئی مواقع پر واضح کیا ہے کہ یہ معاہدہ کسی ملک کے خلاف نہیں، بلکہ دفاعی نوعیت کا ہے اور تینوں ریاستوں کی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور عوام کے دفاع کی صلاحیت مضبوط بناتا ہے۔ معاہدے پر دستخط کے بعد اگلا مرحلہ اِسے محض ایک سیاسی عزم کے بجائے ادارہ جاتی اور عملی تعاون میں تبدیل کرنے کا تھا۔ استنبول میں 31 اگست کو تینوں ممالک کے وزرائے خارجہ، وزرائے دفاع اور دفاعی افواج کے سربراہان نے سٹرٹیجک، سیاسی و دفاعی کمیٹی کے پہلے اجلاس میں ادارہ جاتی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنانے پر اتفاق کیا اور سعودی عرب میں ایک جنرل سیکرٹریٹ قائم کرنے کا فیصلہ بھی کیا جس کی سربراہی ابتدائی طور پر تین سال کے لئے پاکستان سے تعلق رکھنے والے سیکرٹری جنرل کے سپرد کی جانی تھی، پاکستان نے ستمبر میں لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ نعمان محمود کا نام تین سالہ مدت کے لئے پہلے سیکرٹری جنرل کے طور پر تقرری کے لئے پیش کیا تھا جبکہ سیکرٹریٹ سعودی دارالحکومت ریاض میں قائم کیا جارہا ہے۔

سیکرٹری جنرل کی تقرری سے یہ بات واضح ہوچکی ہے کہ مکہ معاہدہ محض سربراہانِ حکومت کے درمیان ایک اعلامیے تک محدود نہیں بلکہ مستقل ادارہ جاتی ڈھانچے کی طرف بڑھ رہا ہے۔ پاکستان جنوبی ایشیاء، سعودی عرب خلیج اور مشرق وسطیٰ جبکہ ترکیہ یورپ، مشرق وسطیٰ اور ایشیا کے سنگم پر ایک اہم جغرافیائی حیثیت رکھتا ہے۔ تینوں ممالک کی دفاعی صلاحیت، جغرافیائی اہمیت اور طویل عرصے سے موجود باہمی تعلقات کے امتزاج نے ایسے تعاون کو جنم دیا ہے جس کے ذریعے رُکن ممالک اپنی سلامتی کے معاملات میں باہمی مشاورت، دفاعی تیاری اور مشترکہ ردِعمل کی صلاحیت بہتر بنا سکتے ہیں۔ معاہدے کے قیام کے بعد اِس کے ممکنہ دائرہ کار میں توسیع کی بات بھی سامنے آئی تھی، ترک وزیر خارجہ نے مستقبل میں مزید ممالک کی شمولیت کا امکان ظاہر کیا تھا جبکہ مصر کا نام بھی زیر بحث آیا تھا تاہم کسی نئے رُکن کی باضابطہ شمولیت کے بارے میں کوئی فیصلہ نہیں کیا گیا۔ تینوں ممالک کو ایسا مشترکہ ادارہ جاتی فریم ورک مل گیا ہے جو اِن تینوں کی صلاحیتوں کو یکجا کر کے خطے میں توازن قائم رکھنے میں اہم کردار ادا کرسکتا ہے۔ سعودی عرب کو درپیش موجودہ سکیورٹی خطرات کے تناظر میں فوری طور پر سعودی عرب کو طے شدہ دفاعی قوت اور صلاحیتوں کی فراہمی اور اُن کی تیز رفتار تعیناتی کا مقصد کسی نئی کشیدگی کو جنم دینا نہیں بلکہ رُکن ممالک کی دفاعی تیاری، باہمی ہم آہنگی اور خطرات سے نبٹنے کی مشترکہ استعداد کو مضبوط بنانا ہے۔ یہ اتحاد ایسے وقت میں وجود میں آیا جب مشرق وسطیٰ اور اِس سے ملحقہ خطوں میں سلامتی کے چیلنج پیچیدہ ہوچکے تھے اور ریاستوں کے لئے باہمی دفاعی تعاون کی اہمیت بڑھتی چلی جارہی تھی۔ اِس اتحاد کی اَصل اہمیت اِس کے الفاظ سے زیادہ اِس کے ادارہ جاتی اور عملی نفاذ سے سامنے آئیگی۔ ایک پہلو یہ بھی ہے کہ تینوں ممالک مضبوط دفاعی تعاون کے ساتھ علاقائی اَمن، کشیدگی میں کمی اور تنازعات کے پُراَمن حل کے لئے کوشاں ہیں۔ ضرورت اِس اَمر کی ہے کہ اِس اتحاد کو صرف دفاع کے مشترکہ انتظام ہی تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ رُکن ممالک کی ہمہ جہت ترقی میں ہر ممکن کردار بھی ادا کیا جائے۔



امتیاز احمد عباسی

روس کے دارالحکومت ماسکو میں افغانستان کے حوالے سے ہونے والا آٹھواں 'ماسکو فارمیٹ' مشاورتی اجلاس ایک ایسے موقع پر مشترکہ اعلامیے کے بغیر ختم ہوا جب خطے کو دہشت گردی کے بڑھتے ہوئے خطرات کے مقابلے میں پہلے سے کہیں زیادہ واضح، مشترکہ اور ٹھوس حکمتِ عملی کی ضرورت ہے۔ روسی صدر ولادیمیر پوتن کے خصوصی نمائندے زامیر کابلوف کے مطابق حتمی مشترکہ اعلامیے کا مسودہ تیار کرتے ہوئے پاکستانی اور افغان وفود کے درمیان اتفاقِ رائے نہ ہوسکا، جس پر روس نے بھی افسوس کا اظہار کیا۔ اجلاس میں پاکستان، افغانستان، روس، چین، بھارت، ایران، قازقستان، کرغزستان، تاجکستان اور ازبکستان کے نمائندوں نے شرکت کی جبکہ بیلاروس اور مصر کے وفود بطور مہمان موجود تھے۔ پاکستان کی نمائندگی وزیراعظم کے معاونِ خصوصی اور افغانستان کے لیے خصوصی نمائندے محمد صادق نے کی۔ پاکستان نے اس اہم علاقائی فورم پر ایک مرتبہ پھر واضح کیا کہ پُرامن، مستحکم اور محفوظ افغانستان پاکستان ہی نہیں بلکہ پورے خطے کی سلامتی اور معاشی خوشحالی کے لیے ناگزیر ہے، لیکن افغانستان میں موجود دہشت گرد گروہوں اور پاکستان کے خلاف افغان سرزمین کے استعمال کے مسئلے کو نظرانداز کرکے پائیدار امن قائم نہیں کیا جاسکتا۔ پاکستان ایک طویل عرصے سے دہشت گردی کی بھاری قیمت ادا کررہا ہے۔ ہماری سکیورٹی فورسز مختلف آپریشنز کے ذریعے دفاعِ وطن اور شہریوں کی حفاظت کی ذمہ داری اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرکے نبھا رہی ہیں۔ ایسے حالات میں پاکستان کا یہ مطالبہ بالکل واضح ہے کہ افغانستان کی سرزمین پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے لیے استعمال نہ ہونے دی جائے اور وہاں موجود ٹی ٹی پی سمیت پاکستان مخالف عناصر کے ٹھکانوں، تربیتی مراکز، سہولت کاروں اور مالی و عسکری نیٹ ورکس کے خلاف مؤثر کارروائی کی جائے۔ اقوام متحدہ کی رپورٹس بھی افغانستان میں مختلف دہشت گرد گروہوں کی موجودگی اور بالخصوص ٹی ٹی پی سے پیدا ہونے والے خطرات کی نشاندہی کرتی رہی ہیں۔ اس کے باوجود اگر طالبان رجیم اس بنیادی مسئلے کو تسلیم کرنے اور اس کے تدارک کے لیے مؤثر اقدامات کرنے کے بجائے ایسے علاقائی فورمز پر بھی پاکستان کے تحفظات کو مشترکہ اعلامیے کا حصہ بننے سے روکتی ہے تو اس سے مسئلہ حل ہونے کے بجائے مزید پیچیدہ ہوگا۔ پاکستان کی سلامتی کے خلاف بھارت اور طالبان رجیم کے بڑھتے ہوئے روابط اور پاکستان کی جانب سے اٹھائے جانے والے خدشات کو بھی نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ بھارت ماضی میں بھی پاکستان کو غیر مستحکم کرنے کے لیے افغان سرزمین استعمال کرتا رہا ہے۔ موجودہ حالات میں پاکستان کے لیے ضروری ہے کہ اس معاملے کو ماسکو فارمیٹ سمیت ہر علاقائی اور عالمی فورم پر پوری قوت کے ساتھ اٹھائے ۔ ماسکو فارمیٹ کو محض مذاکرات اور رسمی اجلاسوں تک محدود نہیں رہنا چاہیے بلکہ دہشت گردوں کی سرحد پار نقل و حرکت، مالی معاونت، اسلحے کی فراہمی، تربیت اور محفوظ ٹھکانوں کے خاتمے کے لیے ایک مؤثر علاقائی حکمتِ عملی وضع کرنی چاہیے۔ امریکہ اور دیگر عالمی طاقتیں بھی اس صورتِ حال سے لاتعلق نہیں رہ سکتیں۔ نائن الیون کے بعد امریکہ نے دہشت گردی کے خلاف جنگ شروع کی تو پاکستان نے اس کا بھرپور ساتھ دیا اور اس جنگ کی بہت بھاری انسانی، معاشی اور سکیورٹی قیمت ادا کی۔ افغانستان سے امریکی انخلا کے بعد بڑی مقدار میں چھوڑا گیا جدید اسلحہ دہشت گرد عناصر تک پہنچنے کی اطلاعات بھی مسلسل سامنے آتی رہی ہیں۔ آج جب پاکستان انہی دہشت گرد گروہوں کے حملوں کا سامنا کررہا ہے تو امریکہ کی ذمہ داری بنتی ہے کہ وہ پاکستان کے ساتھ مؤثر تعاون کرے۔ یہ محض پاکستان کی مدد کا معاملہ نہیں بلکہ علاقائی اور عالمی امن کے تحفظ کا تقاضا ہے۔ اقوام متحدہ کو بھی صرف رپورٹس جاری کرکے اپنی ذمہ داری پوری سمجھنے کے بجائے ان رپورٹوں میں بیان کردہ خطرات کے سدباب کے لیے عملی اقدامات کی راہ ہموار کرنی چاہیے۔ اگر افغانستان میں دہشت گرد تنظیمیں منظم رہتی ہیں اور وہاں سے ہمسایہ ممالک کو نشانہ بنانے کی صلاحیت برقرار رکھتی ہیں تو اس کے نتائج صرف پاکستان تک محدود نہیں رہیں گے۔ اس سے پہلے افغانستان میں طالبان کی حکومت نے جامعات میں 680 کتابوں پر پابندی عائد کردی۔ طالبان حکومت نے ایک نئی پابندی کے تحت یونیورسٹیوں میں سیکڑوں کتابوں پر پابندی لگادی ہے جن میں خواتین کی لکھی گئی تقریباً 140 کتابیں بھی شامل ہیں۔ اس سے پہلے طالبان حکومت نے افغانستان میں فائبر آپٹک انٹرنیٹ پر پابندی لگادی تھی اور طالبان حکومت نے شطرنج کھیلنے پر بھی پابندی عائد کررکھی ہے۔ صرف یہی نہیں بلکہ بیوٹی پارلر بنانے اور بیوٹی پارلر جانے پر بھی پابندی لگا رکھی ہے۔ اب طالبان نے جن کتابوں پر پابندی لگائی ہے ان کتابوں میں 'سیفٹی ان دی کیمیکل لیبارٹری' جیسی کتابیں بھی ہیں۔ طالبان حکام کا کہنا ہے کہ یہ کتابیں شرعی اصولوں اور ان کی پالیسیوں سے مطابقت نہیں رکھتیں۔ خواتین کے تعلیمی ادارے طالبان نے کابل پر دوبارہ قبضہ ہوتے ہی بند کردیئے تھے، اس کے بعد نیوز چینلز پر خواتین کے خبریں نشر کرنے پر پابندی لگائی، اب تعلیمی اداروں میں پڑھنے اور پڑھانے والے بہت تھوڑے مردوں پر چھ سو کتابیں پڑھنے پڑھانے پر پابندی لگادی ہے۔

ماسکو فارمیٹ کا مشترکہ اعلامیہ جاری نہ ہو پانا اسی بڑے مسئلے کی ایک علامت ہے۔ طالبان رجیم کو سمجھنا ہوگا کہ علاقائی امن کا راستہ ہٹ دھرمی سے نہیں بلکہ اپنی سرزمین کو دہشت گردی سے پاک کرنے اور ہمسایہ ممالک کی سلامتی یقینی بنانے سے نکلتا ہے۔ پاکستان اپنی سرزمین اور شہریوں کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرسکتا اور عالمی برادری کو بھی اس خطرے کے سنگین ہونے کا ادراک کرتے ہوئے محض اظہارِ تشویش کے بجائے عملی کردار ادا کرنا ہوگا۔

غریبوں کے لئے علاج ایک خواب



نسیم شاہد

وزراء، بیوروکریٹ اور عوامی نمائندے گاہے بہ گاہے سرکاری ہسپتالوں کا دورہ کرتے نظر آتے ہیں مگر یہ دورہ برائے دورہ ہوتا ہے۔ اس کا ہسپتالوں کی بہتری کے لئے رتی بھر اثر نہیں ہوگا۔ یہ اسی طرح ہے کہ آپ ایک چھوٹی چادر کو بڑی جگہ پر پورا کرنے کی کوشش کریں۔ ہسپتالوں میں طبی عملے کی کمی ہے۔ یہ بھی جانتے ہیں، ہزاروں ڈاکٹرز فارغ پھر رہے ہیں، انہیں جاب نہیں مل رہی، ہسپتالوں میں گنجائش کم ہے، بڑھائی نہیں جارہی بلکہ کمی کا رجحان ہے، صحت کے بجٹ میں جس قدر اضافہ کیا جانا چاہئے، آبادی بڑھ رہی ہے تو لازماً صحت وعلاج کو سہولتوں میں اضافہ بھی ضروری ہے مگر نہیں کیا جارہا۔ مفت ادویات فراہم کرنے کا کہنا بھی ایک بہت بڑا ڈرامہ ہے۔ اس کا فائدہ نہیں نقصان ہورہا ہے، پابندی یہ لگادی گئی ہے کہ کسی مریض کے لئے دوائی باہر سے نہیں آئے گی جبکہ المیہ یہ ہے کہ ہسپتالوں میں جان بچانے والی ادویات ہی موجود نہیں۔ ڈاکٹر خوفزدہ ہیں باہر سے میڈیسن منگوائی تو شکایت پر معطل ہو جائیں گے۔ یوں مریضوں کا کوئی پُرسانِ حال نہیں ہوتا۔ میرے دوست ڈاکٹر بتاتے ہیں کہ سامنے مریض دوائی کے لئے تڑپ رہا ہوتا ہے۔ ہسپتال کے سٹور میں ڈیمانڈ بھجواتے ہیں تو وہاں موجود نہیں ہوتی، مریض کے ورثاء دہائی دے رہے ہوتے ہیں خدا کے لئے دوائی لکھ دیں ہم باہر سے لے آتے ہیں، مگر ڈاکٹروں کے ہاتھ بندھے ہیں انہیں نوکری جانے کا خوف رہتا ہے، اسی طرح حکومت کی ایک غلط پالیسی کی وجہ سے جانیں ضائع ہوجاتی ہیں جو بھی ہسپتال کے وزٹ پر آتا ہے ایک ہی سوال پوچھتا ہے دوائی ہسپتال سے مل رہی ہے؟ باہر سے تو نہیں منگوائی جاتی، مگر وہ ڈاکٹروں کے ہمراہ ہسپتال کے سٹور میں جا کر یہ چیک نہیں کرتا کہ معمولی ادویات کے علاوہ وہاں جان بچانے والی ادویات موجود بھی نہیں ہیں یا نہیں؟ آپ کسی بھی دن پنجاب کارڈیالوجی انسٹیٹیوٹ لاہور یا کارڈیالوجی ہسپتال ملتان چلے جائیں، آؤٹ ڈور وارڈ میں آپ کو ایسے لگے گا انسانوں کا سمندر موجود ہے۔ یہی حال دیگر بڑے ہسپتالوں کا ہے ٹوکن حاصل کرنا ہی ایک بڑی کامیابی ہوتی ہے آگے کے مراحل تو اور بھی دشوار ہیں۔ اس سسٹم میں کہیں نہ کہیں خرابی موجود ہے، جب تک اُسے دور نہیں کیا جاتا بڑے ہسپتالوں پر انسانوں کا ٹڈی دِل لشکر موجود رہے گا۔

پنجاب میں تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال بھی ہیں اور ڈسٹرکٹ سرکاری ہسپتال بھی، عمارتیں بھی، خاصی بڑی ہیں مگر حیران کن حد تک ہسپتال کرپشن اور نااہلی کی نذر ہو چکے ہیں۔ اول تو حکومت اور محکمہ صحت بھی انہیں صرف شو شا کے لئے استعمال کرتا ہے۔ یہاں ادویات اور جدید مشینری فراہم کی جاتی ہے اور طبی عملہ ضرورت کے مطابق تعینات کیا جاتا ہے، ان ہسپتالوں کے ایم ایس زیادہ تر مال بنانے میں لگے رہتے ہیں اگر تحصیل اور ضلع کی سطح پر یہ ہسپتال پوری طرح فعال ہوجائیں، ان میں علاج معالجے کی سہولتیں ملنے لگیں تو بڑے شہروں کے ہسپتالوں پر مریضوں کا دباؤ کم ہوجائے۔ یہ درست ہے کہ کارڈیالوجی ہسپتال ہر جگہ نہیں بنائے جاسکتے تاہم جو 99 فیصد دیگر بیماریاں ہیں اُن کا علاج تو ان ہسپتالوں میں اعلیٰ معیار کا ہونا چاہئے۔ اکثر شکایات ہی ہسپتالوں کے بارے میں آتی ہیں۔ کبھی کوئی بھولا بھٹکا وزیر یا افسر ایسے ہسپتالوں میں چکر لگالیتا ہے وگرنہ ان میں تعینات ڈاکٹر اور طبی عملہ اکثر دستیاب بھی نہیں ہوتا۔ یہ کہنا بھی دس فیصد درست نہیں کہ سرکاری ہسپتالوں میں صحت اور علاج معالجے کی سہولتوں کا فقدان سراسر حکومت کی وجہ سے ہے۔ اس میں ڈاکٹروں اور طبی عملے کا کردار بھی برابر کا ہے۔ ہسپتال چاہے بڑے شہروں کے ہوں یا چھوٹے شہروں کے اُن میں تعینات سرکاری ڈاکٹر ان ہسپتالوں کو مریضوں کے شکار کی جگہ سمجھتے ہیں۔ سینئر ڈاکٹر سرکاری ہسپتالوں میں ہوں بھی تو مریضوں کو دستیاب نہیں ہوتے۔ ان سے مشورہ کرنے کے لئے کسی پرائیویٹ ہسپتال یا کلینک ہی جانا پڑتا ہے۔ چندروز پہلے استحقاق کمیٹی میں ایم پی اے واصف مظہر راں کی ایک شکایت کا بڑا چرچا رہا۔ انہوں نے تحریک استحقاق پیش کی تھی کہ ملتان کارڈیالوجی ہسپتال میں انہوں نے ایک مریض کو بھیجا تو اُسے کئی ماہ بعد کا وقت دیا گیا جبکہ اُسے بائی پاس آپریشن کی فوری ضرورت تھی، ساتھ ہی اُس مریض کو یہ بھی کہا گیا کہ وہ اگر جلد کرانا چاہتا ہے تو پرائیویٹ مریض کے طور پر فوری کراسکتا ہے۔ ان کا سوال یہ تھا ایک سرکاری ہسپتال کا ڈاکٹر ایسا کیسے کرسکتا ہے۔ اب ایسے کئی واقعات آئے روز سامنے آئے ہیں۔ کڈنی سنٹر ملتان گردے کے امراض کی ایک بڑی سرکاری علاج گاہ ہے، وہاں بھی آپ مریض کو لے جائیں گے تو لمبی تاریخ دی جائے گی، مگر اسی ہسپتال کا سربراہ یہ آپشن بھی دے گا کہ اگر آپ جلد آپریشن کرانا چاہتے ہیں تو شہر کے فلاں ہسپتال میں آجائیں، اگلے دن ہوجائے گا اب سوال یہ ہے اگر یہ ڈاکٹر وہاں نہ ہوں تو ان کی پریکٹس کیسے چلے گی، پھر مفادات کے اس ٹکراؤ کی موجودگی میں وہ کیسے دیانتداری سے اپنے فرائض ادا کرسکتے ہیں۔

غربت اتنی ہے کہ اسی فیصد لوگ پرائیویٹ علاج کے اخراجات برداشت نہیں کرسکتے جہاں ایک ڈاکٹر کی معائنہ فیس ہی تین سے پانچ ہزار ہو، وہاں عام آدمی ٹیسٹوں، ادویات کے اخراجات کیسے برداشت کرسکتا ہے جہاں تک سرکاری ہسپتالوں میں مریضوں کو مہیا کی جانے والی سہولیات کا تعلق ہے تو کئی مسائل کے باوجود وہ بہترین سروسز ڈاکٹر فراہم کررہے ہیں لیکن جیسا کہ پہلے کہا ہے ڈاکٹروں اور نرسنگ سٹاف کی بہت کمی ہے۔ خاص طور پر رات کے وقت عملہ بہت کم ہوتا ہے اور مریضوں نیز لواحقین کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ ایک ایسے ملک میں جہاں غربت کی شرح خوفناک حد تک بڑھ چکی ہے اور خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے والے 50 فیصد تک پہنچ گئے ہیں وہاں سرکار اگر علاج معالجے کی سہولتوں سے بھی ہاتھ اٹھا لے تو یہ ظلم ہی نہیں بلکہ سفاکی ہوگی۔ اشرافیہ کو تو اس شعبے میں بھی کسی دشواری کا سامنا نہیں وہ ملک کے اچھے اور جدید ہسپتالوں میں علاج کراسکتے ہیں چاہیں تو سرکاری خرچ پر باہر بھی جاسکتے ہیں

8 اکتوبر 2005: تباہ کن زلزلہ اور پاک فوج کی خدمات



عبدالباسط علوی

8 اکتوبر 2005ء کو صبح 50:8 پر کشمیر کے پہاڑوں میں 6.7 شدت کا ایک شدید زلزلہ آیا جو تقریباً 60 سیکنڈ تک جاری رہا اور جس نے زبردست تباہی مچائی، عمارتیں زمین بوس ہوگئیں، سڑکیں پھٹ گئیں، پہاڑ گر گئے، گاؤں کے گاؤں تباہ ہوگئے، 000,73 سے زائد افراد جاں بحق، 000,128 سے زائد زخمی اور تین ملین سے زیادہ لوگ بے گھر ہوگئے، جبکہ اسکول، ہسپتال، سڑکیں، پل اور مواصلاتی نظام مفلوج ہوکر رہ گئے۔ پاک فوج سب سے پہلے امداد پہنچانے والے اہم اداروں میں شامل تھی اور جنرل پرویز مشرف نے تمام دستوں کی مکمل حرکت کا حکم دیا جس کے تحت فوجیوں کو منتقل کیا گیا، ہیلی کاپٹروں کو متحرک کیا گیا، فیلڈ ہسپتال قائم کیے گئے، انجینئرنگ یونٹوں کو تعینات کیا گیا اور لاجسٹک وسائل کا رخ موڑ دیا گیا۔ فوجیوں نے، جن میں خود زلزلے سے بچ جانے والے اہلکار بھی شامل تھے، دور دراز کے علاقوں تک پہنچ کر بچ جانے والوں کو نجات دلائی، ابتدائی طبی امداد فراہم کی اور زخمیوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا۔ مخصوص ٹیموں نے امدادی آلات، کتوں اور تھرمل کیمروں کی مدد سے کنکریٹ، مڑے ہوئے لوہے اور تنگ جگہوں سے لوگوں کو تلاش کر کے نکالنے کے لیے مسلسل کام کیا اور اگرچہ اس دوران کچھ فوجی زخمی اور شہید بھی ہوئے لیکن بچوں، خاندانوں اور دنوں تک پھنسے رہنے والے لوگوں کے لیے یہ نجات کی کارروائیاں جاری رہیں۔ اس کے بعد فوج نے ریلیف کیمپ قائم کیے جہاں خوراک، صاف پانی، کمبل، ادویات اور پناہ فراہم کی گئی، جبکہ ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکس نے فیلڈ ہسپتالوں میں آپریشنز کیے، زخمیوں اور انفیکشنز کا علاج کیا، بچوں کی پیدائش میں مدد کی اور صدمے سے متاثرہ لوگوں کی دیکھ بھال کی۔ ٹرکوں کے ذریعے سامان منتقل کیا گیا، ہیلی کاپٹروں نے دور دراز کے دیہاتوں میں خوراک گرائی اور فوجیوں نے ہاتھوں سے راشن پہنچایا اور گھر گھر گئے۔ ہنگامی امداد کے بعد بحالی کا کام بھی جاری رہا جس میں فوجی انجینئروں نے ملبہ ہٹایا، سڑکیں اور پل دوبارہ تعمیر کیے، ذرائع مواصلات بحال کیے، پناہ گاہیں، اسکول اور ہسپتال تعمیر کیے، کسانوں کو دوبارہ زراعت شروع کرنے میں مدد دی، فنی تربیت فراہم کی اور دشوار گزار راستوں، سخت موسم، لینڈ سلائیڈنگ اور زلزلے کے بعد کے جھٹکوں کے باوجود شاہراہِ قراقرم اور وادی نیلم روڈ کی مرمت و تعمیرِ نو کی۔

پاک فوج کی اس شمولیت نے متاثرہ برادریوں کو جذباتی سہارا بھی فراہم کیا اور فوجی افسران و جوان امید، تحفظ اور یکجہتی کی علامت بن گئے، جس سے فوج اور پاکستان کے عوام کے درمیان رشتہ مزید مضبوط ہوا۔ ان کی خدمات اور قربانیوں کو یاد رکھا گیا اور سراہا گیا، جس نے ایک ایسے ادارے کے طور پر قومی فخر میں اضافہ کیا جو شہریوں کی مدد کے لیے ہمیشہ تیار رہتا ہے اور ان کے لیے قربانی دینے کا جذبہ رکھتا ہے۔ یہ زلزلہ پاکستان کے لیے ایک بے مثال سانحہ تھا لیکن اس نے عوام کی ہمت، فوجیوں کی شجاعت و صلاحیتوں اور قومی اتحاد کا بھی مظاہرہ کیا۔ فوج ابتدائی تباہی سے لے کر طویل بحالی کے پورے سفر میں ملک کے ساتھ کھڑی رہی اور دفاعی کردار کے ساتھ ساتھ اندرونی بحرانوں سے نمٹنے کا اپنا فرض بھی پورا کیا جس پر اس کے اس زلزلے کے ردِعمل کو بین الاقوامی برادری اور پاکستان کے لوگوں کی طرف سے زبردست پذیرائی ملی۔ لوگوں نے ملبے سے نکالتے فوجیوں، سروں پر منڈلاتے ہیلی کاپٹروں، ریلیف کیمپوں، فیلڈ ہسپتالوں، مہربانی و ہمدردی کے عمل، قربانیوں، بچائی گئی زندگیوں، دوبارہ تعمیر کیے گئے مکانات، دوبارہ کھلنے والے اسکولوں اور بحال ہونے والی امیدوں کو ہمیشہ یاد رکھا۔ پاک فوج سب سے پہلے پہنچنے والوں میں شامل تھی اور سب سے آخر میں نکلنے والوں میں سے تھی اور اس کی یہ مسلسل شمولیت پیشہ ورانہ فوجی خدمت اور شہریوں کے لیے وقف جذبے کی ایک مثال بنی۔ یہ آفت پاکستان کے صبرو استقلال، فوج کی صلاحیتوں اور شہریوں و فوج کے درمیان تعلق کا ایک امتحان ثابت ہوئی، جو پاک فوج اور عوام دونوں کے لیے شجاعت، ہمدردی، خدمت، قربانی اور دائمی یادگار کی ایک ایسی میراث چھوڑ گئی جو ہمیشہ قائم رہے گی۔

آج جب ہم دو ہزار پانچ کے زلزلے کو یاد کرتے ہیں تو ہمیں ایک گہرے غم کا احساس ہوتا ہے۔ ہمیں وہ زندگیاں یاد آتی ہیں جو ضائع ہو گئیں، وہ خاندان جو اجڑ گئے اور وہ گھر جو تباہ ہو گئے۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ ہم ایک گہرے فخر کا بھی احساس کرتے ہیں۔ ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہماری قوم نے کس طرح ردعمل دیا، ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہماری فوج نے کس طرح خدمت کی اور ہمیں اس بات پر فخر ہے کہ ہمارے لوگ کس طرح ایک ساتھ کھڑے رہے۔ یہی چیز پاکستان کو مضبوط بناتی ہے، یہی چیز پاکستان کو پائیدار بناتی ہے اور یہی چیز پاکستان کو ایک عظیم قوم بناتی ہے۔ زلزلہ ہمیں توڑ نہ سکا؛ اس نے ہمیں صرف اور صرف مزید مضبوط بنایا، اس نے ہمیں مزید متحد کیا اور اس نے ایک بہتر مستقبل کی تعمیر کے لیے ہمارے عزم کو مزید پختہ کیا۔ پاک فوج اس پورے عمل کا دل تھی، وہ امدادی کارروائیوں کی ریڑھ کی ہڈی تھی، وہ بے سہاروں کی امید تھی اور کمزوروں کی طاقت تھی۔ وہ ہر وہ چیز تھی جس کی ایک قوم کو اپنے تاریک ترین لمحے میں ضرورت ہوتی ہے اور اس کے لیے قوم ہمیشہ اس کی ممنون رہے گی۔

دو ہزار پانچ کے زلزلے میں فوج کا کام صرف ایک بار کی کوشش نہیں تھی، بلکہ یہ خدمت کی ایک طویل روایت کا حصہ تھا۔ پاک فوج ہمیشہ قوم کے لیے موجود رہی ہے۔ اس نے جنگیں لڑی ہیں، اس نے دہشت گردوں کا مقابلہ کیا ہے، اس نے سیلابوں میں مدد کی ہے، اس نے زلزلوں میں سنبھالا دیا ہے، اس نے وباؤں میں ساتھ دیا ہے اور اس نے ہر ممکن طریقے سے مدد کی ہے۔ یہی فوج کا فرض ہے، یہی فوج کا مقصد ہے اور یہی فوج کا اعزاز ہے۔ دو ہزار پانچ کا زلزلہ ایک خاص طور پر کٹھن چیلنج تھا، لیکن فوج نے ہمت اور عزم کے ساتھ اس کا مقابلہ کیا۔ اس نے پیشہ ورانہ مہارت اور لگن کے ساتھ اس کا سامنا کیا۔ اس نے ہمدردی اور انسانیت کے ساتھ اس کا مقابلہ کیا۔ اس نے اس انداز میں یہ ذمہ داری نبھائی جس پر پوری قوم کو فخر ہوا۔ پاکستان کے عوام آٹھ اکتوبر کے زلزلے کے دوران اور اس کے بعد پاک فوج کی خدمات کو سراہتے ہیں۔ وہ ان سپاہیوں کی قدر کرتے ہیں جنہوں نے دوسروں کو بچانے کے لیے اپنی جانیں خطرے میں ڈالیں۔ وہ ان پائلٹوں کی قدر کرتے ہیں جنہوں نے خطرناک حالات میں سامان پہنچانے کے لیے پروازیں بھریں۔ وہ ان ڈاکٹروں کی قدر کرتے ہیں جنہوں نے زخمیوں کے علاج کے لیے دن رات کام کیا۔ وہ ان انجینئروں کی قدر کرتے ہیں جنہوں نے سڑکیں اور پل دوبارہ بنائے۔ وہ ان افسران کی قدر کرتے ہیں جنہوں نے اس بڑے پیمانے کے امدادی آپریشن کی منصوبہ بندی اور ہم آہنگی کی۔ وہ ہر اس شخص کی قدر کرتے ہیں جس نے اس کارروائی میں اپنا کردار ادا کیا۔ وہ ایک ادارے کے طور پر فوج کا احترام کرتے ہیں، وہ اس کے مقاصد اور اس کے کاموں کی قدر کرتے ہیں۔ انہیں ایسی فوج رکھنے پر فخر ہے۔ انہیں فخر ہے کہ ان کی فوج ملک اور اس کے عوام کی مدد کے لیے ہمیشہ تیار رہتی ہے۔ انہیں فخر ہے کہ ان کی فوج ہر اندرونی اور بیرونی چیلنج سے نپٹ سکتی ہے۔ یہی قوم کا احساس ہے، یہی عوام کے جذبات ہیں اور یہی وہ سچائی ہے جسے جھٹلایا نہیں جا سکتا۔ دو ہزار پانچ کا زلزلہ پاکستان کی تاریخ کا ایک اہم اور فیصلہ کن موڑ تھا۔ وہ المیے کا لمحہ تھا، وہ تکلیف کا لمحہ تھا، وہ نقصان کا لمحہ تھا۔ لیکن وہ شجاعت کا لمحہ بھی تھا، وہ خدمت کا لمحہ تھا، وہ اتحاد کا لمحہ تھا۔ وہ ایک ایسا لمحہ تھا جب پاک فوج قوم کے ساتھ کھڑی تھی اور قوم پاک فوج کے ساتھ کھڑی تھی۔ وہ ایک ایسا لمحہ تھا جس نے دنیا کو دکھایا کہ پاکستان کس مٹی کا بنا ہوا ہے اور پاک فوج کس مٹی کی بنی ہوئی ہے۔ وہ ایک ایسا لمحہ تھا جسے کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا، جسے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا اور جو ہمیشہ باعثِ فخر رہے گا۔

SHEHAR NAMA
شہرنامہ

فن وثقافت

کیارا ایڈوانی کے ہاں دوسرے بچے کی آمد متوقع

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ کی معروف جوڑی کیارا ایڈوانی اور سدھارتھ ملہوترا نے دوسرے بچے کی آمد کی خوشخبری سنا دی۔ دونوں نے ایک خوبصورت تصویر کے ذریعے اعلان کیا کہ وہ جلد اپنے دوسرے بچے کے والدین بننے والے ہیں۔ جوڑے نے انسٹاگرام پر ایک پوسٹ میں لکھا ہے کہ ہم ایک بار پھر زندگی کے سب سے بڑے تحفے سے نوازے جانے پر بے حد خوش اور شکر گزار ہیں۔ جوڑے کے ہاں جولائی 2025ء میں پہلی بیٹی سرایاہ کی پیدائش ہوئی تھی۔ کیارا ایڈوانی اور سدھارتھ ملہوترا کی شادی 7 فروری 2023ء کو جیسلمیر میں ہوئی تھی۔ کیارا اور سدھارتھ اپنی نجی زندگی کو میڈیا کی توجہ سے دور رکھنے کے حوالے سے جانے جاتے ہیں، اس جوڑی کو بالی ووڈ کی کامیاب ترین جوڑیوں میں شمار کیا جاتا ہے، دونوں نے 2021ء میں ریلیز ہونے والی فلم شیرشاہ میں ایک ساتھ کام کیا تھا، جسے مداحوں نے بے حد پسند کیا تھا۔

'آؤٹ آف کنٹرول ہوگئی': تنقید پر ہانیہ کا جواب

کراچی (پی این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری سے وابستہ اداکارہ ہانیہ عامر نے خود پر ہونے والی تنقید کا جواب اپنے منفرد انداز میں دے دیا۔ حال ہی میں پاکستانی ماڈل اور اداکارہ جیا علی نے ہانیہ عامر کے حوالے سے ایک طنزیہ تبصرہ کرتے ہوئے کہا تھا کہ ہانیہ کو اپنے رویے پر قابو رکھنا چاہیے۔ جیا علی نے ایک پروگرام کے دوران کہا تھا کہ ہانیہ عامر قابو سے باہر ہوتی جارہی ہیں، کوئی انہیں بتائے کہ وہ پاکستان کا چہرہ ہیں اور انہیں اپنا رویہ مناسب رکھنا چاہیے۔ سوشل میڈیا پر متحرک رہنے والی ہانیہ عامر نے حالیہ تبصرے کو بھی نظر انداز نہیں کیا اور منفرد انداز میں جواب دیا۔ اداکارہ نے انسٹاگرام پر اپنی چند تصاویر شیئر کرتے ہوئے کیپشن میں جیا علی کے الفاظ دہراتے ہوئے لکھا کہ 'آؤٹ آف کنٹرول ہوگئی'۔ اگرچہ ہانیہ نے اپنی پوسٹ میں کسی کا نام نہیں لیا، تاہم یہ پوسٹ جیا علی کے بیان کے وائرل ہونے کے چند گھنٹے بعد سامنے آئی

بھارت میں پاکستانی مسلمانوں کو ناپسند، دبئی کے مسلمانوں کو پسند کیا جاتا ہے: میکا سنگھ

ممبئی (پی این پی) بھارتی گلوکار میکا سنگھ نے پاک بھارت تعلقات اور پاکستانی مسلمانوں کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ بھارت میں بہت سے لوگ پاکستانی مسلمانوں کو منفی نظر سے کیوں دیکھتے ہیں، جبکہ دبئی کے مسلمانوں کو پسند کرتے ہیں۔ 50 سالہ گلوکار نے ایک پوڈکاسٹ میں گفتگو کرتے ہوئے 2019ء میں اپنے دورۂ پاکستان کو یاد کیا اور کہا ہے کہ پاکستان اور وہاں کے لوگ برے نہیں ہیں۔ میکا سنگھ نے بتایا کہ دورۂ پاکستان کے دوران مسلمانوں نے سکھوں کے مقدس مقامات پر ہماری خدمت کی۔ انہوں نے کہا کہ جب میں پاکستان گیا تو بہت سے مسلمان، جو ہمارے بھائی ہیں

جھانوی کپور کو اپنی عجیب وغریب صلاحیت کا انکشاف مہنگا پڑ گیا

ممبئی (پی این پی) بالی ووڈ اداکارہ اور آنجہانی سری دیوی اور فلمساز و پروڈیوسر بونی کپور کی بیٹی جھانوی کپور اپنی ایک عجیب وغریب صلاحیت کا انکشاف کرنے کے بعد سے سوشل میڈیا پر ٹرولنگ کا شکار ہیں۔ بالی ووڈ اداکارہ، جو اس سال پیرس فیشن ویک میں بھی شریک ہوئی تھیں، نے بتایا کہ وہ اپنی زبان کو تقریباً 360 ڈگری تک موڑ سکتی ہیں۔ ایک میڈیا ادارے سے گفتگو کے دوران 29 سالہ اداکارہ سے ان کی کسی پوشیدہ صلاحیت کے بارے میں پوچھا گیا، جس پر انھوں نے بتایا کہ وہ اپنی زبان کو تقریباً 360 ڈگری تک موڑ سکتی ہیں۔ تاہم انہوں نے اسے ایک بہت احمقانہ اور بے کار صلاحیت قرار دیا۔ اپنی اس صلاحیت کے دریافت ہونے کے بارے میں جھانوی نے بتایا کہ اسکول میں ان کے ہم جماعت اپنی زبان سے ناک کو چھونے کی کوشش کیا کرتے تھے، لیکن وہ ایسا نہیں کر پاتی تھیں۔ دوسرے بچوں کو متاثر کرنے کی خواہش میں انہوں نے سوچا کہ وہ اپنی زبان سے کچھ اور کرسکتی ہیں۔ یوں انہوں نے بالآخر یہ منفرد پارٹی ٹرک سیکھ لی۔ جھانوی کے اس انکشاف نے سوشل میڈیا صارفین کی توجہ فوراً حاصل کرلی، جہاں بعض لوگوں نے اسے صلاحیت قرار دینے پر ان کا مذاق اڑایا۔ ایک صارف نے لکھا، مجھے یقین نہیں آتا کہ یہ اپنی زبان سے کتنی احمقانہ حرکتیں کرتی ہیں۔ ایک اور نے کہا اننیا پانڈے جیسی ہی صلاحیت! میں نے تو اداکاری سے متعلق کسی صلاحیت کی توقع کی تھی۔ ایک صارف کا کہنا تھا یہ کوئی صلاحیت نہیں ہے۔

کومل بٹ نے ''مس پاکستان 2026'' کا ٹائٹل حاصل کرلیا

پاکستانی اینکر کی بڑی کامیابی ''مس پاکستان 2026'' کا تاج سر پر سج گیا

پاکستانی خواتین کیلئے قابلِ فخر لمحہ ''مس پاکستان نے نئی مثال قائم کردی

کومل بٹ نے ''مس پاکستان 2026'' کیساتھ ''مس پرفیکٹ'' کا اعزاز بھی نام کرلیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پاکستان کی باصلاحیت اینکر، میڈیا پروفیشنل اور اداکارہ کومل بٹ نے بین الاقوامی سطح پر منعقد ہونے والی سالانہ بیوٹی پیجینٹ تقریب میں ''مس پاکستان 2026'' کا ٹائٹل اپنے نام کرکے ملک کا نام روشن کردیا۔ تقریب کے دوران ان کی شخصیت، اعتماد، ذہانت اور غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کے اعتراف میں انہیں ''مس پرفیکٹ'' کے خصوصی اعزاز سے بھی نوازا گیا۔ کومل بٹ گزشتہ چار سے پانچ برس سے الیکٹرانک میڈیا کے شعبے سے وابستہ ہیں اور پاکستان ٹیلی ویژن سمیت وزارتِ اطلاعات ونشریات کے مختلف منصوبوں میں اپنی خدمات سرانجام دے چکی ہیں۔ بطور اینکر انہوں نے متعدد قومی، سماجی، ثقافتی اور عوامی دلچسپی کے پروگراموں کی میزبانی کی، جہاں ان کے منفرد انداز، شائستہ گفتگو اور پیشہ ورانہ مہارت کو ناظرین کی جانب سے بے حد سراہا گیا۔ اینکرنگ کے ساتھ ساتھ کومل بٹ نے ڈراما انڈسٹری میں بھی اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ ان کی شخصیت خوبصورتی، اعتماد، ذہانت اور محنت کا حسین امتزاج سمجھی جاتی ہے، یہی خصوصیات انہیں دیگر امیدواروں سے ممتاز کرتی ہیں۔ انہوں نے پارلیمنٹ کے کیئرٹیکر سیٹ اپ میں بطور کنسلٹنٹ بھی خدمات انجام دیں، جس سے ان کی انتظامی اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا بھی اظہار ہوتا ہے۔ بین الاقوامی مقابلے میں ''مس پاکستان 2026'' کا تاج حاصل کرنے کے بعد کومل بٹ نے پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے نہ صرف اپنی صلاحیتوں کا بہترین مظاہرہ کیا بلکہ دنیا بھر کے شرکاء اور ججز پر بھی گہرا اثر چھوڑا۔ ان کی کامیابی کو پاکستانی خواتین کے لیے ایک حوصلہ افزا مثال قرار دیا جارہا ہے، جو یہ ثابت کرتی ہے کہ محنت، لگن اور خوداعتمادی کے ذریعے عالمی سطح پر نمایاں مقام حاصل کیا جاسکتا ہے۔ کومل بٹ نے اپنی کامیابی پر اظہارِ تشکر کرتے ہوئے کہا کہ یہ اعزاز صرف ان کا نہیں بلکہ پورے پاکستان کا اعزاز ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ مستقبل میں بھی اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کو اسی جذبے اور محنت کے ساتھ جاری رکھتے ہوئے ملک کا مثبت تشخص اجاگر کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کرتی رہیں گی۔ سماجی، ثقافتی اور میڈیا حلقوں نے کومل بٹ کی اس نمایاں کامیابی کو سراہتے ہوئے اسے پاکستانی خواتین کی صلاحیتوں، خوداعتمادی اور عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی نمائندگی کا روشن مظہر قرار دیا ہے۔

بقیہ نمبر 1

6 لیبز میں سے 4 جنوبی خیبر پختونخوا سے سامنے آئے ہیں، جہاں سیکیورٹی کی صورتحال کے باعث بعض بچوں تک ویکسین کی رسائی متاثر ہوئی ہے۔21 سے 27 ستمبر 2026 تک 113 اضلاع میں منعقد ہونے والی ذیلی قومی انسداد پولیو مہم رواں سال کی چوتھی پولیو ویکسینیشن مہم اور 2026 کی دوسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم تھی۔مہم پنجاب، سندھ، خیبر پختونخوا، بلوچستان، اسلام آباد اور گلگت بلتستان کے منتخب زیادہ خطرے والے اضلاع میں منعقد کی گئی۔مہم کے دوران ان بچوں تک خصوصی توجہ کے ساتھ رسائی حاصل کی گئی جو ویکسین سے محروم رہ گئے تھے، جنہیں تاحال ویکسین کی کوئی خوراک کبھی نہیں ملی تھی یا جو سابقہ مہمات میں بھی ویکسین سے محروم رہ گئے تھے۔ اس کے علاوہ موبائل، نقل مکانی کرنے والی اور دیگر زیادہ خطرے سے دوچار آبادیوں کے بچوں تک بھی رسائی یقینی بنانے کی کوشش کی گئی۔ پنجاب کے دو اضلاع، ڈیرہ غازی خان اور راجن پور میں دیگر ضروری فرائض کے لیے سیکیورٹی اہلکاروں کی تعیناتی کے باعث مہم موخر کی گئی۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر متعلقہ حکام کے ساتھ مل کر یقینی بنائے گا کہ ان اضلاع میں مہم بعد میں منعقد کی جائے اور تمام اہل بچوں تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جائے۔مہم کے دوران 2 لاکھ 73 ہزار سے زائد فرنٹ لائن پولیو ورکرز، جن میں مرد و خواتین ویکسینیٹرز شامل تھے، گھر گھر ویکسینیشن کی سرگرمیوں کے لیے تعینات کیے گئے۔ ٹیموں نے اس امر کو یقینی بنانے کے لیے کام کیا کہ ہر اہل بچے کو پولیو سے بچاؤ کے دو قطرے پلائے جائیں۔اس وسیع فیلڈ آپریشن میں صوبائی وضلعی انتظامیہ، محکمہ صحت، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور شراکت دار تنظیموں نے بھرپور تعاون فراہم کیا۔مہم کے ابتدائی اعداد وشمار کے مطابق پنجاب کے 11 اضلاع میں 90 لاکھ 70 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو ویکسین پلائی گئی، جبکہ سندھ کے 30 اضلاع میں ایک کروڑ 14 لاکھ سے زائد بچوں کو ویکسین دی گئی۔ خیبر پختونخوا کے 37 اضلاع میں 72 لاکھ 10 ہزار سے زائد بچوں کو پولیو ویکسین پلائی گئی، جبکہ بلوچستان کے 32 اضلاع میں 23 لاکھ 20 ہزار سے زائد بچوں کو ویکسین دی گئی۔ علاوہ ازیں، اسلام آباد میں 4 لاکھ 43 ہزار سے زائد بچوں جبکہ گلگت بلتستان کے دو اضلاع میں تقریباً 1 لاکھ 40 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی گئی۔مہم کے دوران 113 منتخب اضلاع میں مقررہ ہدف کے 100 فیصد بچوں تک رسائی حاصل کی گئی۔رپورٹ شدہ رہ جانے والے بچوں میں سے 8.14 فیصد بچے پہلی مرتبہ گھر گھر دورے کے دوران عدم دستیابی، انکار یا دیگر وجوہات کی بنا پر ویکسین سے محروم رہ گئے تھے۔ بعد ازاں خصوصی طور پر کیے گئے فالو اپ اقدامات کے نتیجے میں ابتدائی طور پر رہ جانے والے 86 فیصد بچوں تک رسائی حاصل کی گئی، جس سے ملک بھر میں ویکسینیشن کوریج کے خلا کو مزید کم کرنے میں مدد ملی۔ مجموعی طور پر 776,627 بچے، جو مہم کے کل ہدف کا 1.2 فیصد ہیں، ویکسینیشن سے محروم رہ گئے۔ستمبر کی یہ پولیو مہم افغانستان میں بھی بیک وقت منعقد کی گئی، جس سے دونوں ممالک کے درمیان مربوط ویکسینیشن کی کوششوں کو تقویت ملی۔

بقیہ نمبر 2

رات اہلخانہ کے ہمراہ گھر کو تالا لگا کر حبیب چوک گئے۔ رات تقریباً ساڑھے 10 بجے واپس پہنچے تو گھر کے پچھلے دروازے کا لاک ٹوٹا ہوا تھا۔ اندر داخل ہونے پر کمروں اور بیڈروم کی الماری کا سامان بکھرا پڑا تھا جبکہ الماری سے 22 تولہ طلائی زیورات غائب تھے اطلاع ملنے پر پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔ ایس آئی تنویر احمد کی نگرانی میں پولیس ٹیم نے شواہد اکٹھے کر کے نامعلوم ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے

بقیہ نمبر 3

سے تکلیف ہوتی ہے۔ انہوں نے سوال کیا کہ خیبر پختونخوا میں 13 سال کے دوران کم آمدن والے افراد کے لیے اپنی چھت اپنا گھر جیسا منصوبہ کیوں شروع نہیں کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کے دور کے ایک کروڑ نوکریاں اور 50 لاکھ گھر کے وعدے عملی شکل اختیار نہ کر سکے، پنجاب حکومت کے منصوبے اور سابق حکومت کے ہاسنگ منصوبے میں بنیادی فرق ماڈل کا ہے، پنجاب کے منصوبے میں قرض پر سود صوبائی حکومت ادا کر رہی ہے جبکہ سابق منصوبے میں سود کی ادائیگی شہریوں کو کرنا تھی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کو اقوام متحدہ کے ادارے یو این ہیبی ٹیٹ کا سکرول آف آنر ایوارڈ ملا ہے، جبکہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی عوامی خدمات کو عالمی سطح پر سراہا جا رہا ہے، ایوارڈ کے لیے منتخب 5 منصوبوں میں پنجاب کا منصوبہ پہلے نمبر پر آیا جو صوبے کے لیے بڑا اعزاز ہے۔ عظمیٰ بخاری کے مطابق اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے تحت اب تک 2 لاکھ 30 ہزار افراد کو چھت فراہم کی جا چکی ہے، جبکہ منصوبے کا آغاز 2024 میں ہوا تھا، وزیر اعلیٰ پنجاب 5 سال میں 10 لاکھ گھر تعمیر کرنے کا ہدف رکھتی ہیں اور منصوبہ اسی رفتار سے آگے بڑھایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ منصوبے کے تحت ایک سے 10 مرلہ تک کا پلاٹ رکھنے والے افراد کو گھر کی تعمیر کے لیے بلاسود قرض فراہم کیا جا رہا ہے، جس کی ادائیگی 9 سال میں کی جاتی ہے، منصوبہ میرٹ اور شفافیت کی بنیاد پر ہے اور اس میں کسی سفارش کی ضرورت نہیں۔

بقیہ نمبر 4

والے نوجوان اساتذہ کی تربیت کو مزید موثر بنانا ہے۔ منصوبے کے تحت تربیتی مرکز کو جدید آڈیو ویژول اور ویڈیو کانفرنسنگ سسٹمز، 10 لیپ ٹاپس اور 25 کلوواٹ کا سولر انرجی سسٹم فراہم کیا گیا ہے۔ ان سہولیات کے ذریعے سالانہ تقریباً 115 ٹیچنگ فیلوز اور 20 ٹرینرز کو زیادہ موثر اور قابل اعتماد آن لائن وبالمشافہ تربیت فراہم کی جا سکے گی، جبکہ ان اساتذہ کی تدریسی خدمات سے 000,7 سے زائد طلبہ مستفید ہوں گے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پاکستان کی وزیر مملکت برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت، وجیہہ قمر نے پاکستان اور ترکیہ کے قریبی اور برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا، "ہم دو ملک اور ایک دل ہیں۔" انہوں نے پاکستان میں بالخصوص اساتذہ کی تربیت کے شعبے میں تعاون پر TIKA کا شکریہ ادا کیا۔ TIKA کے نائب صدر ڈاکٹر علی ارجان نے کہا کہ اس منصوبے کے اثرات صرف تربیتی مرکز تک محدود نہیں رہیں گے۔ انہوں نے کہا، "یہ سہولیات ایسے نوجوان اساتذہ کی تیاری میں مدد کریں گی جو اپنی مہارت، خیالات اور عزم کو پاکستان بھر کے سرکاری اسکولوں کی کلاس رومز تک لے کر جائیں گے۔" اساتذہ کے بچوں کے مستقبل پر اثرات کو اجاگر کرتے ہوئے ڈاکٹر علی ارجان نے مزید کہا، "ایک اچھا استاد بچوں کو سیکھنے میں مدد دینے کے ساتھ ساتھ انہیں سوال کرنے، اعتماد حاصل کرنے اور اپنے مستقبل کے لیے نئے امکانات دیکھنے کی ترغیب بھی دیتا ہے۔" Teach For Pakistan باصلاحیت یونیورسٹی گریجویٹس کو بھرتی کر کے انہیں دو سالہ تدریسی پروگرام کے لیے تربیت دیتا ہے، جس کے تحت وہ کم سہولیات والے علاقوں کے سرکاری اسکولوں میں تدریسی خدمات انجام دیتے ہیں۔ اس منصوبے کے ذریعے تربیتی مرکز کے بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنا کر اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت اور معیاری تعلیم تک وسیع تر رسائی کو فروغ دیا جا رہا ہے، جو ترکیہ اور پاکستان کے درمیان تعلیمی تعاون کو نئی نسل تک منتقل کرنے کی ایک اہم کوشش ہے

بقیہ نمبر 5

درجنوں پروازیں منسوخ اور گھنٹوں تاخیر کا شکار ہوگئیں۔ ایئرپورٹ ذرائع کے مطابق لاہور سے جدہ اور ریاض جانے والی 7 سے زائد پروازوں کو سعودی عرب کے دیگر ایئرپورٹس پر لینڈنگ کرائی گئی۔ ذرائع کے مطابق لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 21 پروازیں منسوخ جبکہ متعدد پروازیں 3 سے 10 گھنٹے تک تاخیر کا شکار رہیں، پروازوں کی منسوخی اور تاخیر کے باعث مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ ملکی وغیر ملکی ایئر لائنز نے مسافروں کو ہدایت کی ہے کہ ایئرپورٹ آنے سے قبل اپنی پرواز سے متعلق تازہ معلومات ضرور حاصل کریں۔

بقیہ نمبر 6

عرس کی تین روزہ تقریبات میں وفاقی وزیر حنیف عباسی، وزیر مملکت دانیال چوہدری، خادم درگاہ حضرت امام بری سرکار و بابا کلو سرکار راجہ سرفراز اکرم، ضیاء اللہ شاہ، سہیل یوسف، قدوسی، عمر قدوسی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر اٹک انیل سعید، راجہ امتیاز جنجوعہ، ڈاکٹر راجہ ریاض شہباز جنجوعہ، ڈاکٹر آصف جنجوعہ، ڈاکٹر حیدر جنجوعہ، راجہ ایاز جنجوعہ، راجہ اعجاز احمد، اللہ بخش، حاجی قیصر محمود آف گولڑہ، ملک عبدالرزاق شاہ، اللہ دتہ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور بڑی تعداد میں عقیدت مندوں نے شرکت کی۔ عرس کے تینوں روز ملک بھر سے آنے والے عقیدت مندوں نے مزار اقدس پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ زائرین نے حضرت کلو بابا سرکار سے اپنی عقیدت کا اظہار کرتے ہوئے ملک وقوم کی سلامتی اور خوشحالی کیلئے دعائیں بھی کیں۔ عرس کی خصوصی تقریبات میں روایتی نیزہ بازی کے مقابلے بھی منعقد ہوئے، جن میں اللہ بخش، حاجی قیصر محمود آف گولڑہ، ملک عبدالرزاق شاہ، اللہ دتہ سمیت ملک کے مختلف علاقوں سے آنے والے ماہر نیزہ بازوں نے بھرپور شرکت کی۔ مقابلوں کے دوران نیزہ بازوں نے اپنی مہارت کے شاندار مظاہرے کیے، جبکہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے نیزہ بازوں میں خصوصی انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔ عرس کے موقع پر روحانی وصوفیانہ رنگ کو مزید اجاگر کرنے کیلئے محفل حمد ونعت اور محفل سماع کا بھی اہتمام کیا گیا۔ معروف نعت خواں اور صدارتی ایوارڈ یافتہ قوال آصف علی خان سنتو جبکہ زاہد علی اور کاشف علی متے خان نے اپنے ہمنواؤں کے ہمراہ اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ محفل سماع میں صوفیانہ کلام پیش کیے جانے پر حاضرین وجد میں آگئے اور عقیدت مندوں نے بھرپور انداز میں محفل سے لطف اٹھایا۔ عرس کی اختتامی تقریب میں مقررین نے حضرت کلو بابا سرکار کی دینی، روحانی اور صوفیانہ خدمات کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ اولیائے کرام کی تعلیمات محبت، امن، بھائی چارے، رواداری اور انسانیت کی خدمت کا درس دیتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایسی روحانی محافل معاشرے میں محبت اور اخوت کے فروغ کا ذریعہ بنتی ہیں۔ اختتام پر ملک وقوم، افواج پاکستان، امت مسلمہ، علاقے کی ترقی و خوشحالی اور تمام زائرین کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ عرس کی تین روزہ تقریبات میں بڑی تعداد میں عقیدت مندوں کی شرکت نے حضرت کلو بابا سرکار سے ان کی گہری عقیدت ومحبت کا اظہار کیا

بقیہ نمبر 7

شیر دل خان، جوائنٹ سیکرٹری راشد عباسی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری سلمیٰ ملک، ڈپٹی جنرل سیکرٹری عارف اللہ کوآرڈینیٹر محمد سلیم، نائب صدر فائزہ یونس، آفس سیکرٹری وکیمرہ مین فاروق خان سمیت دیگر عہدیداران اور ممبران موجود تھے۔ فاروق گروپ آف ہاسپٹلز کی جانب سے ڈاکٹر سعد بن ہارون، چیف ایگزیکٹو آفیسر و میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، ڈاکٹر مبشر کاظمی، ڈپٹی میڈیکل سپرنٹنڈنٹ، اور سعد محمود، سربراہ شعبہ کاروباری ترقی و مارکیٹنگ نے شرکت کی۔ مفاہمتی یادداشت کے تحت اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے ممبران اور ان کے اہل خانہ کو مختلف طبی سہولیات، تشخیصی ٹیسٹ، علاج معالجے اور دیگر صحت کی خدمات پر خصوصی رعایت فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر چیئرمین شاہنواز خان اور دیگر عہدیداران نے کہا کہ صحافی برادری کی فلاح و بہبود، بالخصوص صحت کی معیاری اور قابل رسائی سہولیات کی فراہمی، اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کی اہم ترجیحات میں شامل ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ فاروق گروپ آف ہاسپٹلز کے ساتھ ہونے والا یہ معاہدہ صحافیوں اور ان کے اہل خانہ کے لیے ایک مثبت اور عملی فلاحی اقدام ہے۔ اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے عہدیداران نے فاروق گروپ آف ہاسپٹلز کی انتظامیہ، بالخصوص ڈاکٹر سعد بن ہارون، ڈاکٹر مبشر کاظمی اور سعد محمود کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ باہمی تعاون کا یہ سلسلہ صحافی برادری کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی میں معاون ثابت ہوگا۔ یونین کی جانب سے اس عزم کا اظہار بھی کیا گیا کہ صحافیوں اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کے لیے مستقبل میں بھی مختلف اداروں کے ساتھ مفید اور موثر معاہدے کیے جائیں گے تاکہ صحافی برادری کو صحت، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات میں زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جا سکے

بقیہ نمبر 8

کولین کوئن کی جانب سے دائر کی جانے والی بریت کی درخواست پر سماعت ہوئی۔ ناقص تفتیش کے باعث ملزمہ کی بریت کے قوی امکانات ظاہر کیے جا رہے ہیں

بقیہ نمبر 9

، یوسی 32 کا دورہ کیا اور صفائی آپریشن سمیت انسداد سموگ اقدامات کا جائزہ لیا۔ ایم ڈی کی ہدایات پر سٹیڈیم روڈ، مری روڈ، ڈبل روڈ اور ملحقہ علاقوں میں واشنگ، سویپنگ اور زیرو ویسٹ آپریشن کے لیے خصوصی ٹیمیں اور ورکرز تعینات کر دیے گئے ہیں۔ 9 اکتوبر سے راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں شروع ہونے والی تین روزہ ٹی ٹونٹی سیریز کے موقع پر سٹیڈیم کے اندر اور باہر صفائی کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ صفائی ورکرز میچ سے قبل سٹیڈیم، ڈبل روڈ اور ملحقہ علاقوں کو مکمل زیرو ویسٹ بنائیں گے جبکہ میچ کے اختتام کے بعد بھی فوری صفائی آپریشن کر کے علاقوں کو صاف ستھرا رکھا جائے گا۔ اسی طرح راولپنڈی میں پاکستان، انگلینڈ اور سری لنکا کی سہ ملکی ون ڈے سیریز اور پاکستان، سری لنکا ٹیسٹ میچ کے دوران بھی صفائی کے خصوصی انتظامات جاری رہیں گے۔ بازاروں میں صفائی اور ماحولیاتی تحفظ کے فروغ کے لیے آگاہی مہم، گلاس فیکٹری، یونین کونسل 32 میں ایس پی اے راولپنڈی کی کمیونیکیشن ٹیم کی جانب سے مارکیٹ آگاہی مہم میں شہریوں اور دکانداروں کو اینٹی سموگ اقدامات، صفائی ستھرائی اور کچرے کی مناسب تلفی کے حوالے سے آگاہی دی گئی اینٹی لٹرنگ سکواڈ کی کارروائیاں شہر بھر میں جاری ہیں۔ مختلف علاقوں میں انسپکشن کے دوران کوڑا کرکٹ پھیلانے اور صفائی کی خلاف ورزیوں کی نشاندہی کی جا رہی ہے، جبکہ متعلقہ افراد کو وارننگ نوٹس جاری کر کے صفائی کے اصولوں پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی جا رہی ہے

بقیہ نمبر 10

گئے۔ پولیس نے کہا کہ حملہ آوروں نے ایم پی اے کے گنرز باچا خان، غنی رحمان اور سردار علی کو شدید تشدد کا نشانہ بنایا، جبکہ ایم پی اے کے بھائی عبدالناصر کو بھی ہراساں اور تشدد کا نشانہ بنانے کے بعد اغوا کیا گیا۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے نتیجے میں 4 گاڑیوں کو نقصان پہنچا جبکہ حملہ آوروں نے موقع پر موجود سی سی ٹی وی کیمرے بھی توڑ دیے

بقیہ نمبر 11

کرکٹ ٹیم کے سکیورٹی روٹ میں مبینہ رکاوٹ ڈالنے اور عوام کو اشتعال دلانے کے الزامات کے تحت تھانہ آبپارہ میں درج کیا گیا تھا۔

بقیہ نمبر 12

کو گرفتار کر لیا، زیر حراست افراد سے داؤ پر لگی رقم، 10 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد ہوئے، گوجر خان پولیس نے مقدمہ درج کر کے موقع سے 7 افراد کو گرفتار کر لیا، ایس ایچ او صدر نعم شیر کا کہنا تھا کہ قمار بازی دیگر معاشرتی برائیوں کی جڑ ہے جس کے ناسور کو جڑ سے ختم کیا جائے گا، قمار بازی کے خلاف موثر کارروائی در حقیقت ایک پرامن، محفوظ اور جرائم سے پاک معاشرے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔

بقیہ نمبر 13

کردی۔ پی ایم ڈی سی کی جانب سے جاری پبلک نوٹس کے مطابق نیشنل رجسٹریشن ایگزامینیشن سٹیپ ون اب 11 اکتوبر کے بجائے 8 نومبر کو منعقد ہوگا۔ اعلامیہ مطابق امتحان کی تاریخ ناگزیر وجوہات کی بنا پر تبدیل کی گئی ہے، پی ایم ڈی سی نے این آر ای سٹیپ ون کی تاریخ تبدیلی کا پبلک نوٹس جاری کر دیا۔ واضح رہے کہ نیشنل رجسٹریشن ایگزام بیرون ملک سے میڈیکل گریجویٹس کا لائسنسنگ امتحان ہے۔

بقیہ نمبر 14

بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ شجرکاری مہم کے دوران مختلف علاقوں کی ضروریات اور ماحولیاتی موزونیت کو مدنظر رکھتے ہوئے مناسب اقسام کے درخت اور پودے لگائے جا رہے ہیں۔ موجودہ گرین بیلٹس کی بہتری، نئے گرین ایریاز کی تشکیل، اہم شاہراہوں اور کوریڈورز کی لینڈ اسکیپنگ اور اہم عوامی مقامات کی خوبصورتی بھی اس مہم کا اہم حصہ ہے۔ سی ڈی اے کی جانب سے نئے لگائے گئے درختوں اور پودوں کے تحفظ اور نگہداشت پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے تاکہ ان کی صحت مند نشوونما اور طویل مدتی پائیداری کو یقینی بنایا جا سکے۔ متعلقہ شعبہ جات کو ہدایت کی گئی ہے کہ شجرکاری کے مقامات کی باقاعدگی سے دیکھ بھال کی جائے، پودوں کو مناسب پانی فراہم کیا جائے اور ان کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات یقینی بنائے جائیں۔ چیئرمین سی ڈی اے نے واضح کیا ہے کہ شجرکاری کے ساتھ ساتھ پودوں کی موثر نگہداشت اور حفاظت بھی اتنی ہی اہم ہے تاکہ آج لگایا جانے والا درخت مستقبل میں اسلام آباد کے گرین کور کا مستقل حصہ بن سکے چیئرمین سی ڈی اے و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے متعلقہ شعبہ جات کو ہدایت کی ہے کہ شجرکاری مہم کی رفتار کو برقرار رکھا جائے اور شہر کے مختلف علاقوں میں جاری سرگرمیوں کو مزید وسعت دی جائے۔ انہوں نے اس امر پر بھی زور دیا ہے کہ شجرکاری کے ساتھ ساتھ موجودہ سبزہ زاروں اور درختوں کا تحفظ اور مناسب دیکھ بھال بھی یقینی بنائی جائے تاکہ اسلام آباد کے سرسبز تشخص کو طویل مدت تک برقرار رکھا جا سکے۔ سی ڈی اے کی جانب سے شہریوں، تعلیمی اداروں، کاروباری برادری، تاجر برادری، سول سوسائٹی، طلبہ اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کو بھی شجرکاری مہم میں بھرپور حصہ لینے اور لگائے گئے درختوں اور گرین اسپیسز کے تحفظ میں اپنا کردار ادا کرنے کی ترغیب دی جا رہی ہے۔ سی ڈی اے کا موقف ہے کہ اسلام آباد کی خوبصورتی، سرسبزی اور ماحولیاتی پائیداری کو برقرار رکھنے کے لیے سرکاری اداروں کے ساتھ ساتھ عوامی شمولیت بھی انتہائی اہم ہے

بقیہ نمبر 15

موقع دیا گیا لیکن شوکاز کا جواب تک نہ دیا گیا

بقیہ نمبر 16

کی دستیابی، صفائی ستھرائی اور مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے کہا کہ عوام کو بروقت اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ادویات کی مفت فراہمی یقینی بنائی جا رہی ہے۔ شعبہ صحت میں مزید بہتری کے لیے بھی کوشاں ہیں۔ انہوں نے کہا طبی عملہ وقت پر اپنی حاضری یقینی بنائے۔ خدمت خلق کر کے ہم دنیا اور آخرت دونوں سنوار سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 17

آواز اٹھا رہی اور جدوجہد کر رہی ہے۔ امت کو درپیش مسائل پر وحدت امت کا نمونہ پیش کرتے ہوئے اپنا حق ادا کرتی ہے۔ برما، کشمیر، افغانستان، ایران اور فلسطین سمیت ہر مسلم ملک پر ہونے والی جارحیت کے خلاف علم بلند کیا، اور ہر فورم پر اس ظلم کو بے نقاب کیا۔ فلسطین کے مسلمانوں کے لئے مسلسل تین سال سے الخدمت فاؤنڈیشن کے ذریعے امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ اس موقع پر شرکاء مظاہرہ نے فلک شگاف نعرے بلند کیے اور آخر میں پاکستان سمیت دنیا بھر کے مسلمانوں اور غزہ کے مسلمانوں کے لیے خصوصی دعا کی گئی

بقیہ نمبر 18

کو سلیکٹ کیا گیا، جن میں گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھڈانہ کے ٹیچر محمد احتشام بھی شامل تھے۔ ان کی تعلیمی خدمات، محنت اور طلبہ کی بہتر رہنمائی کے اعتراف میں انہیں یہ اعزاز دیا گیا۔ محمد احتشام کو ہیرو ٹیچر ایوارڈ ملنے پر گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھڈانہ کے پرنسپل، اساتذہ، طلبہ اور اہل علاقہ نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں دلی مبارکباد پیش کی اور اس اعزاز کو پورے سکول کے لیے باعث فخر قرار دیا۔

بقیہ نمبر 19

ہیکہ فارم 47 کی حکومت کے اوسان خطا ہو چکے ہیں اور انہیں سمجھ نہیں آرہی کہ عوامی سمندر کا مقابلہ کیسے کیا جائے انہوں نے ان خیالات کا اظہار میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ جعلی سرکار کے دربار سے وابستہ ترجمانوں کے بیانات سے اندازہ لگانا مشکل نہیں کہ وہ اپنے اوسان کھو چکے ہیں نالائق حکومت کے نااہل وزرا کے بیانات سے صوبے کے عوامی جذبات کی تپش مزید شدت اختیار کرتے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ حقیقی آزادی کی منزل اب قریب آن پہنچی ہے لانگ مارچ میں ملک کے دیگر شہروں کیطرح سرن ویلی اور کوٹش ویلی کے غیور عوام بڑھ چڑھ کر شرکت کریں گے دنیا کی کوئی طاقت ہمارے جذبوں کو متزلزل نہیں کر سکتی ظلم جبر لاقانونیت اور فسطائیت کے خلاف ہماری جنگ فیصلہ کن موڑ پر آن پہنچی ہے۔ ملک کی بقا، سلامتی اور انصاف کی فراہمی کیلئے پی ٹی آئی کی قیادت اور کارکنان مقصد کے حصول تک اپنی جنگ جاری رکھیں گے

بقیہ نمبر 20

پرائمری سکول اروواڑی پیراں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے اساتذہ اور طلباء کی حاضری سمیت کلاس رومز میں جاری تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی معیار کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے مختلف کلاسز کا معائنہ کیا اور طلباء سے سوالات کر کے ان کی تعلیمی استعداد کا بھی جائزہ لیا۔ انہوں نے اسکول انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تعلیمی اداروں میں صفائی ستھرائی کے موثر انتظامات، صاف ستھرے ماحول اور پینے کے صاف پانی سمیت تمام بنیادی سہولیات کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ بچوں کی نصابی تعلیم کے ساتھ ساتھ ان کی اخلاقی تربیت اور کردار سازی پر بھی خصوصی توجہ دیں، تاکہ طلباء ایک بہتر اور ذمہ دار شہری بننے میں اپنا کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے کہا کہ معیاری تعلیم اور بہتر تدریسی ماحول بچوں کے روشن مستقبل کی بنیاد ہے۔

بقیہ نمبر 21

راجہ ظفر بھٹی، نائب صدر مرزا رفعت، ایڈیشنل سیکرٹری کاشف نوشاہی، فنانس سیکرٹری عامر قریشی، جوائنٹ سیکرٹری عبدالستار نیازی، انفارمیشن سیکرٹری قدیر خان۔ ممبر مجلس عاملہ مرزا ظفر اور ہارون جٹ کو مالائیں پہنائیں اور شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر سابق صدر پوٹھوہار پریس کلب ملک جاوید بھی موجود تھے۔ اس موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے پرنسپل گورنمنٹ کالج گوجر خان پروفیسر جمشید علی نے کہا کہ پوٹھوہار پریس کلب گوجر خان صحافی برادری کا معتبر ادارہ ہے جو علاقے کے مسائل کو اجاگر کرنے اور عوامی مسائل کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے نو منتخب عہدیداران کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ نئی قیادت صحافتی روایات، مثبت صحافت اور علاقے کی بہتری کے لیے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کرے گی۔

انہوں نے کہا کہ تعلیمی اداروں اور صحافتی برادری کے درمیان مثبت رابطہ معاشرے کی تعمیر وترقی کے لیے نہایت اہم ہے۔ صحافی معاشرے کا اہم ستون ہیں اور انہیں عوامی مسائل کو ذمہ داری اور غیر جانبداری کے ساتھ اجاگر کرنا چاہیے۔ اس موقع پر صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال اور جنرل سیکرٹری ملک اسد نے پروفیسر جمشید علی کی آمد، مبارکباد اور نیک خواہشات پر ان کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ پوٹھوہار پریس کلب کی جانب سے مثبت اور تعمیری صحافت کے فروغ کے لیے اپنی ذمہ داریاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ نمبر 22

جھٹکا لگانے کا امکان ہے ذرائع کے مطابق حکومت کا نئے سولر صارفین سے 11 روپے جبکہ پرانے صارفین سے 26 روپے یونٹ بجلی خرید کر واپس سلیب ریٹ پر دیئے جانے کی پلاننگ کا مکمل جاری ہے ایک اندازے کے مطابق سولر صارفین 3 ارب ڈالر کی ماہانہ بجلی نیشنل گرڈ کو دے رہے ہیں جبکہ بعض حکومتی حلقے آئی پی پیز کو نہ صرف نقصان سے بچانے بلکہ مالی طور پر وارنے کیلئے سولر صارفین کو رگڑے میں لانے کی کوششوں میں ہیں

بقیہ نمبر 23

کی ضمانت مسترد کیے جانے کی شدید مذمت کی ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں وکشمیر شاخ کے کنوینر غلام محمد صفی نے اسلام آباد میں ایک اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ افضل گورو کے خاندان کے خلاف کارروائی سے کشمیری شہداء اور سیاسی قیدیوں کے اہل خانہ میں خوف وہراس پیدا کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

بقیہ نمبر 24

فیصلے میں لکھا کہ ملزمہ کا نام ابتدائی ایف آئی آر میں شامل نہیں تھا، بعد میں ضمنی بیان کے ذریعے نامزد کیا گیا، ملزمہ کے خلاف قتل کا کوئی براہ راست اور مخصوص کردار سامنے نہیں آیا، معاملہ مزید انکوائری کا ہے۔ فیصلے کے مطابق کیس کا چالان جمع ہو چکا ہے، تفتیش مکمل ہے اور ملزمہ سے مزید تفتیش مطلوب نہیں، عدالتی آبزرویشن عبوری نوعیت کی ہیں، ٹرائل کورٹ کے حتمی فیصلے پر ان کا کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ واضح رہے کہ 4 مئی 2026 کو تھانہ پھلگراں میں فرخ افضل کے اغوا اور قتل کا مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ مدعی چوہدری افضل کے مطابق رات 12 بجے نامعلوم افراد ان کے بیٹے فرخ افضل کو زبردستی گاڑی میں ڈال کر لے گئے۔ پراسیکیوشن کے مطابق ملزمہ ماہ نور شاہد پر قتل کی منصوبہ بندی اور مقتول کو اغوا کروانے کا الزام تھا

بقیہ نمبر 25

جہاں منیجمنٹ کمیٹی کے صدر رانا قیصر سینئر صحافیوں طارق چوہدری، ساجد چوہدری، افضل جاوید، امجد صدیق، ملک طارق حسین، حاجی وحید، ملک حفیظ، وحید چوہدری سمیت دیگر شخصیات سے ملاقات کی اور میڈیا ٹاؤن کے رہائشیوں کو درپیش ٹیکس سے متعلق مسائل، ٹیکس ادائیگیوں اور دیگر امور پر تفصیلی گفتگو کی جبکہ منیجمنٹ کمیٹی نے ان کے مستقل حل کیلئے تجاویز پیش کی۔ ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نعمان خالد نے منیجمنٹ کمیٹی کو یقین دہانی کرائی کہ میڈیا ٹاؤن کے رہائشیوں کو ٹیکس معاملات میں ہر ممکن سہولت اور تعاون فراہم کیا جائے گا اور ان کے مسائل کے حل کیلئے موثر اقدامات اٹھائے جائیں گے۔ منیجمنٹ کمیٹی کی درخواست پر ڈائریکٹر ایکسائز نے میڈیا ٹاؤن سوسائٹی آفس کو ٹیکس فسیلیٹیشن سینٹر کا درجہ دینے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ ہر ہفتے ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کی ٹیم دوپہر 2 بجے سے شام 5 بجے تک سوسائٹی آفس میں موجود رہے گی۔ ایکسائز ٹیم سوسائٹی کے رہائشیوں کے ٹیکس سے متعلق معاملات، ادائیگیوں اور دیگر مسائل کو موقع پر حل کرنے کیلئے رہنمائی اور سہولت فراہم کرے گی۔ منیجمنٹ کمیٹی نے ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نعمان خالد کے تعاون اور مثبت اقدام کا خیر مقدم کیا

بقیہ نمبر 26

جامعہ العروۃ الوثقی لاہور و رہنما تحریک بیداری امت مصطفی مولانا ملک شفقت عباس، فرینڈز آف فلسطین آف غزہ محمد المزینی، امیر جماعت اہل حرم پاکستان و پرنسپل جامعہ نعیمیہ علامہ مفتی گلزار احمد ہاشمی، صدر مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کاشف چوہدری، انجمن جانثاران اہلبیت سید زاہد حسین جعفری، تحریک بیداری امت کے مووذت حسین اور تحریک بیداری شعبہ خواتین خواہر زہرا علی نے اپنے خیالات کا اظہار کیا۔

مولانا ملک شفقت عباس نے کہا کہ طوفان الاقصیٰ نے اسرائیل سے متعلق کئی عالمی تصورات کو متاثر کیا اور فلسطین کے مسئلے کو عالمی سطح پر مزید اجاگر کیا ہے۔ انہوں نے مسلم ممالک پر زور دیا کہ باہمی اختلافات سے گریز کرتے ہوئے امت کے اتحاد اور فلسطینی عوام کی حمایت کو ترجیح دی جائے۔ فرینڈز آف فلسطین آف غزہ محمد المزینی نے پاکستانی عوام اور حکومت سے اپیل کی کہ فلسطین کو مایوس نہ کیا جائے اور مشکل وقت میں ایک واضح اور موثر موقف اختیار کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ تاریخ ان لوگوں کو یاد رکھتی ہے جو مشکل حالات میں مظلوموں کے ساتھ کھڑے ہوتے ہیں، کاشف چوہدری نے کہا کہ فلسطین کے حق میں سفارت کاری، رائے عامہ ہموار کرنے اور میڈیا وسوشل میڈیا کے ذریعے فلسطینیوں پر ہونے والے مظالم کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنا ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ فلسطین کی جدوجہد کے حوالے سے ایران سمیت ان ممالک کو خراج تحسین پیش کرنا چاہیے جو فلسطینی عوام کے ساتھ کھڑے ہیں۔ زہرا علی نے کہا کہ 7 اکتوبر کے واقعات نے فلسطین کی صورتحال کو پوری دنیا کے سامنے نمایاں کر دیا اور عالمی اداروں وانسانی حقوق کے دعووں پر بھی سوالات اٹھائے۔ ان کا کہنا تھا کہ فلسطینی عوام مزاحمت اور استقامت کے ذریعے اپنے حقوق کے حصول کی جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔۔۔ مقررین نے کہا کہ فلسطین کی صورتحال مسلم دنیا کے لیے ایک اہم امتحان ہے، جبکہ سیمینار میں حسینی اقدار، استقامت، اتحاد اور مظلوم اقوام کی حمایت کو بنیادی اصول قرار دیتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ فلسطینی عوام کے حق خود ارادیت کی حمایت جاری رکھی جائے گی

بقیہ نمبر 27

اقبال ویلس اور جسٹس وقار حیدر اعوان پر مشتمل بنچ نے فیصلہ جاری کرتے ہوئے قرار دیا کہ پنشن والد کی پنشن سے نابالغ بچوں کا نان نفقہ ادا کیا جاسکتا ہے۔ عدالت کے مطابق بچوں کا نان نفقہ عام قرض نہیں بلکہ والد پر عائد قانونی ذمہ داری ہے، جو بچے اور والد کے رشتے سے پیدا ہوتی ہے۔ فیصلے میں کہا گیا کہ فیملی کورٹ کو نان نفقہ کی حتمی ڈگری پر عملدرآمد کیلئے پنشن اکاؤنٹ منسلک کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ لاہور ہائیکورٹ نے قرار دیا کہ پاکستان آرمی ایکٹ کے تحت پنشن کے تحفظ کو نابالغ بچوں کے نان نفقہ کے حق پر ترجیح نہیں دی جاسکتی۔ عدالت کے مطابق نابالغ بچوں کا نان نفقہ اسلامی اصولوں اور پاکستانی قانون دونوں میں تسلیم شدہ حق ہے، فیملی کورٹ کی ڈگری والد کی پہلے سے موجود نان نفقہ کی ذمہ داری کو متعین اور نافذ کرتی ہے

بقیہ نمبر 28

کاروباری شخصیات سمیت ایم این اے وصدر مسلم لیگ ن راولپنڈی حاجی ملک عمر فاروق۔ عمران الیاس چوہدری چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی برائے ایکو کلکٹر فنانس وممبر داخلہ کمیٹی جیل خانہ جات رکن پنجاب اسمبلی حلقہ پی پی 11 راولپنڈی، بانی پریس کلب اڈیالہ راجہ عابد پرویز، راجہ جزار حیدر، سید وحید شاہ کاظمی آف مارگلہ۔ بادا سید اعجاز شاہ دربار عالیہ یوسف بادشاہ۔ سید فرحت عباس۔ سابق ناظم دھاماں سیداں سید جمیل کاظمی، سید نیئر کاظمی، سابق صدر محمد بشیر راجہ، ملک ظہیر اعوان سمیت چیئرمین، وائس چیئرمین اور کونسلرز نے شرکت کر کے سید ساجد نقوی اور ان کے اہل خانہ کو شادی کی مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر سید محمود علی نقی، سید سبط حسن نقوی، سید نجل حسین شاہ، سید زاہد حسین شاہ، سید گفتار حسین شاہ، سید عمران حسین شاہ، گدی نشین موہڑہ سیداں بادا پیر کرم حسین شاہ، کرنل حسن شیرازی، سید حمزہ شیرازی، سید رضا حسین شاہ، سید رضا شاہ، سید رفاقت حسین شاہ، سید تنویر حسین شاہ، سید ناصر حسین شاہ، سید تحسین حسین شاہ، سید باقر حسین شاہ، تنویر اختر جنجوعہ سمیت دیگر معززین نے بھی شرکت کی۔ سید عون علی۔ سید حسن علی۔ سید دلاور عباس۔ سید وجیہ الحسن۔ سید شازل حیدر اور سید ازن عباس کے بہترین انتظامات کو سامعین نے سراہا۔ کھانے سے قبل حجۃ المسلمین ڈاکٹر محمد حسین بہشتی آف قم نے دعا فرمائی۔ رخصتی کی تقریب انتہائی خوشگوار، پرمسرت اور پروقار ماحول ٹیکسلا کی گرینڈ وینیو مارکی میں منعقد ہوئی۔ شرکاء نے نوبیاہتا جوڑے سید کمیل حسن کاظمی اور دلہن کو نئی زندگی کے آغاز پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ تمام معزز مہمانوں نے سید ساجد نقوی اور ان کے اہل خانہ کو بیٹی کی رخصتی پر دلی مبارکباد پیش کی اور دعاؤں سے نوازا۔ اس موقع پر معروف صحافی سید ساجد نقوی نے تمام مہمانوں کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا جنہوں نے اپنی شرکت سے خاندان کی خوشیوں کو دوبالا کیا

بقیہ نمبر 29

جنرل ہیڈکوارٹرز راولپنڈی میں ہوئی جس میں باہمی دلچسپی کے امور، خطے کی مجموعی سیکیورٹی صورتحال اور عالمی امن وسلامتی کے فروغ میں اقوام متحدہ کے کردار پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران علاقائی استحکام، مسئلہ کشمیر، بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے پر عملدرآمد روکنے اور افغانستان سے ہونے والی دہشت گردی کے معاملات بھی زیر بحث آئے۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے بین الاقوامی امن کے لیے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان کے کردار اور خدمات کو اجاگر کیا۔ آرمی چیف نے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس کی قیادت میں امن، استحکام اور انسانی تعاون کے فروغ کے لیے اقوام متحدہ کے کردار کو سراہا۔ اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل نے دہشت گردی کے خلاف جنگ اور اقوام متحدہ کے امن مشنز میں پاکستان اور پاک فوج کی قربانیوں اور خدمات کو خراج تحسین پیش کیا۔ انتونیو گوتریس نے عالمی امن وسلامتی کے لیے پاکستان کے مسلسل عزم کو بھی سراہا اور علاقائی تنازعات کے پرامن حل کے لیے پاکستان کی کوششوں کی خصوصی طور پر تعریف کی۔

بقیہ نمبر 30

جہازوں کو نشانہ بنا سکتا ہے، تاہم بڑی حد تک اس آبی راستے سے توانائی کی برآمدات روکنے میں ناکام ہے غیر ملکی خبر رساں ادارے کو انٹرویو میں جے ڈی وینس نے کہا کہ امریکا ایرانی صدر مسعود پزشکیان اور وزیر خارجہ عباس عراقچی سے مذاکرات کر رہا ہے، امریکا کو یہ معلوم نہیں کہ ایران میں فیصلے کرنے کا اختیار کس کے پاس ہے؟ یہ واضح نہیں کہ ایران کے طاقت کے ڈھانچے میں ان دونوں کے پاس کتنے اختیارات ہیں؟ جنگ کے خاتمے کے لیے ایران کو اپنی جوہری افزودگی کی صلاحیت کم کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ اگر امریکا ایران سے معاہدے کے لیے اب بھی تیار ہے لیکن ایران کو جوہری پروگرام پر لچک دکھانا ہوگی محض مستقبل میں جوہری سرگرمیوں میں کمی کی یقین دہانی کافی نہیں۔ جے ڈی وینس کا کہنا تھا کہ اگر ایران جوہری ہتھیار نہیں چاہتا تو پھر 60 فیصد افزودہ ایندھن کی ضرورت کیوں ہے؟ انہوں نے کہا کہ ایران ہرمز میں جہازوں کو نشانہ بنا سکتا ہے، تاہم بڑی حد تک اس آبی راستے سے توانائی کی برآمدات روکنے میں ناکام ہے۔

بقیہ نمبر 31

پی ٹی آئی عمران خان کے بہنوئی احد خان نے الزام عائد کیا تھا کہ یہ ججز اور چیف منسٹر بڑے بدقسمت لوگ ہیں، اپنی قبر ٹھیک کرنے کی بجائے آخرت برباد کر رہے ہیں۔ احد خان نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بانی پی ٹی آئی بھی غیر قانونی طور پر جیل میں بند ہیں

بقیہ نمبر 32

الحاق شدہ اداروں کی جانب سے موصول ہونے والی درخواستوں کے پیش نظر کی گئی ہے۔ وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی کی خصوصی ہدایت اور مداخلت پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے، بالخصوص آزاد جموں وکشمیر (AJK) میں قائم الحاق شدہ اداروں کو درپیش مشکلات کے علاوہ دیگر الحاق شدہ اداروں کو بھی رجسٹریشن کا عمل مقررہ سابقہ مدت کے اندر مکمل کرنے میں پیش آنے والی دشواریوں کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ اس توسیع کا مقصد الحاق شدہ اداروں اور طلبہ کو سہولت فراہم کرنا اور رجسٹریشن سے متعلق تمام ضروری امور کی تکمیل کے لیے اضافی وقت مہیا کرنا ہے۔ چنانچہ رجسٹریشن ریٹرنز اب * 30 اکتوبر 2026 تک معمول کی رجسٹریشن ریٹرن فیس کے ساتھ * جمع کرائے جا سکتے ہیں۔ اس سلسلے میں ایف بی آئی ایس ای کی جانب سے تمام الحاق شدہ اداروں کو نظر ثانی شدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا جا رہا ہے۔ تمام الحاق شدہ اداروں کے سربراہان سے کہا گیا ہے کہ وہ دی گئی اضافی مدت سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے تمام اہل طلبہ کے رجسٹریشن ریٹرنز مقررہ نئی تاریخ کے اندر باقاعدگی سے مکمل کر کے جمع کرانا یقینی بنائیں۔ اداروں کو مزید ہدایت کی گئی ہے کہ رجسٹریشن ریٹرنز میں فراہم کردہ تمام معلومات مکمل، درست اور ایف بی آئی ایس ای کے مروجہ قواعد و ضوابط اور تقاضوں کے مطابق ہوں۔ رجسٹریشن کے عمل، اہلیت کے معیار، متعلقہ طریقہ کار اور دیگر امور کے بارے میں مزید رہنمائی اور وضاحت کے لیے اداروں کے سربراہان کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ موجودہ تعلیمی سال کے لیے ایچ ایس ایس سی سطح پر رجسٹریشن سے متعلق ایف بی آئی ایس ای کی جانب سے پہلے جاری کردہ رجسٹریشن نوٹیفکیشن سے رجوع کریں۔ تمام متعلقہ اداروں سے درخواست ہے کہ رجسٹریشن ریٹرنز جمع کرانے کی توسیع شدہ آخری تاریخ کا خاص خیال رکھتے ہوئے رجسٹریشن کا عمل مقررہ نئی مدت کے اندر مکمل کریں

بقیہ نمبر 33

ختم نہ ہو سکے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے حوالے سے رپورٹ مطابق آٹو پالیسی میں آئی ایم ایف کے اعتراضات اب بھی برقرار ہیں، حکومت 2 کروڑ مالیت تک کی الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس 18 فیصد کرنے پر فیصلہ نہ کر سکی۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے 75 ہزار ڈالر مالیت کی الیکٹرک گاڑی پر سیلز ٹیکس 1 سے بڑھا کر 18 فیصد کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق حکومت پاکستان نے آئی ایم ایف کو آٹو پالیسی میں اپنے موقف پر بریفنگ دی ہے۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ الیکٹرک گاڑیوں پر سیلز ٹیکس میں کمی کا فیصلہ ماحول دوست گاڑیوں کے فروغ کے لیے کیا گیا ہے، جبکہ آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی گئی کہ سکیم کے تحت گاڑیوں کی مالیت ایک سال تک تبدیل نہیں ہوگی۔ ذرائع وزارت انڈسٹریز و پروڈکشن کے مطابق آئی ایم ایف کیساتھ نئی آٹو پالیسی پر مذاکرات مزید بھی جاری رہیں گے

بقیہ نمبر 34

کے متعدد مواقع ضائع کر چکا ہے، ایران آبنائے ہرمز پر مکمل قبضہ کھو چکا جبکہ معیشت مکمل زوال کا شکار ہے۔ یونان کے دورے کے موقع پر پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ امریکہ کے لئے وہی معاہدہ قابل قبول ہوگا جو اس بات کی ضمانت دے کہ ایران کبھی بھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کرے گا۔ ایران اپنے جوہری پروگرام پر امریکا کے ساتھ معاہدے تک پہنچنے کیلیے ملنے والے متعدد مواقع سے فائدہ اٹھانے میں ناکام رہا ہے۔ تیل کی ترسیل میں اضافے کا حوالہ دیتے ہوئے مارکو روبیو نے کہا کہ اس وقت تقریباً اتنا ہی تیل باہر جا رہا ہے جتنا اس تنازع سے پہلے جاتا تھا۔ وہ آبنائے ہرمز پر کنٹرول کھو چکے ہیں۔ جبکہ ایران کی معیشت مکمل زوال کا شکار ہے۔ مارکو روبیو کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران کی اسلامی پاسداران انقلاب کی جانب سے اہم آبی گزرگاہ آبنائے ہرمز میں تجارتی بحری جہازوں کو مسلسل حملوں کا نشانہ بنائے جانے کی اطلاعات سامنے آئی ہیں۔

بقیہ نمبر 35

اللہ اور سید باشاہ کے نام سے ہوئی ہے اور واقعہ کی تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق بنوں میں پولیس سے فائرنگ کے تبادلے میں 2 دہشت گرد ہلاک ہوگئے ہیں، یہ واقعہ فیروز فتح خیل میں تھانہ منڈان کی حدود میں پولیس اور دہشت گردوں کے درمیان فائرنگ کا تبادلہ ہوا، جس کے نتیجے میں دو دہشت گرد ہلاک ہو گئے، جن کی شناخت شیر ایاز خان اور عدنان کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے بتایا کہ لاشوں کو پوسٹ مارٹم اور قانونی کارروائی کے لیے ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ دریں اثنا ڈیرہ اسماعیل خان سے چند روز قبل مبینہ طور پر اغوا ہونے والے ڈاکٹر مبشر بحفاظت گھر پہنچ گئے۔ پولیو ڈیوٹی پر مامور ڈاکٹر مبشر کو ڈیرہ اسماعیل خان کے نواحی علاقہ کرہ محبت سے نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر اغوا کیا تھا، تاہم وہ بحفاظت گھر پہنچ گئے ہیں۔ مزید برآں ڈیرہ اسماعیل خان میں موبائل فون سروس بحال ہونا شروع ہوگئی ہے، تین روز قبل پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے باعث ڈیرہ اسماعیل خان میں موبائل فون سروس مکمل طور پر بند کر دی گئی تھی، جو تین روز بعد بحال ہونا شروع ہوگئی اور مختلف علاقوں میں سروس مکمل طور پر بحال کر دی گئی۔

بقیہ نمبر 36

مطابق بانی کے علاج کے لیے لندن سے ڈاکٹر فرقاد عالمگیر کو اڈیالہ جیل بلایا گیا تھا، بانی کا طبی معائنہ کرنے والے میڈیکل بورڈ میں چار ڈاکٹرز شامل تھے۔ رپورٹ کے مطابق ڈاکٹر فرقاد عالمگیر، ڈاکٹر عارف خان، ڈاکٹر اختر علی بندیشہ اور ڈاکٹر علی عارف میڈیکل ٹیم کا حصہ تھے۔ رپورٹ کے مطابق میڈیکل بورڈ نے بانی پی ٹی آئی کا اینزائٹی لیول تھری پلس قرار دیا تھا، میڈیکل بورڈ نے بلڈ پریشر اور اینزائٹی لیول کنٹرول کرنے کے لیے روزانہ ایک گھنٹہ واک کی سفارش کی تھی۔ رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی کو فیملی سے ملاقات، اخبار، ٹی وی اور کتابیں فراہم کرنے کی بھی سفارش کی گئی تھی۔ رپورٹ کے مطابق میڈیکل بورڈ نے بانی کی اہلیہ سے ملاقاتوں میں اضافے کی سفارش بھی کی تھی، ڈاکٹر فرقاد عالمگیر کا نام بانی پی ٹی آئی کے علاج کے لیے حالیہ مذاکراتی عمل میں بھی سامنے آیا۔ رپورٹ کے مطابق بانی پی ٹی آئی کے طبی معائنے کے لیے میڈیکل بورڈ وفاقی حکومت نے تشکیل دیا تھا۔

بقیہ نمبر 37

حسین پیش کیا ہے سیکیورٹی فورسز کی عزم استحکام ویژن کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ سیکیورٹی ذرائع کا کہنا ہے کہ شمالی وزیرستان اور گرد و نواح میں دہشت گردوں کو ٹھکانوں کو نشانہ بنایا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے شمالی وزیرستان میں کارروائی کے دوران 13 دہشت گردوں کو ہلاک کیا۔

بقیہ نمبر 38

دیا جائے۔ حکمرانوں نے کشمیر پر ٹرمپ کی ثالثی کا ڈھونگ رچایا، ثالثی کہاں گئی؟ ہمیں معلوم ہے مقبوضہ کشمیر کسی کی ثالثی سے نہیں زور بازو سے آزاد ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں غزہ یکجہتی مارچ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مارچ سے نائب امیر میاں محمد اسلم، امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا، سیکرٹری جنرل اسلام آباد زبیر صفدر، رہنما فرینڈز آف فلسطین ڈاکٹر بلال اور ناظم صوبہ اسلامی جمعیت طلبہ احمد عبداللہ نے بھی خطاب کیا۔ امیر جماعت اسلامی کی اپیل پر سات اکتوبر طوفان الاقصیٰ کے دن کی مناسبت سے ملک بھر میں ریلیاں اور مظاہرے ہوئے جن میں ہزاروں افراد نے فلسطینی پرچم اٹھا کر شرکت کی اور اہل غزہ کے حق میں نعرے بازی کی۔ حافظ نعیم الرحمن نے غزہ مارچ منعقد کرنے پر جماعت اسلامی اسلام آباد اور خصوصی طور پر خواتین، بزرگوں کو سلام پیش کیا اور کہا کہ پاکستان کے مسائل اور دیگر جاری سرگرمیوں کے باوجود اہل غزہ کو یاد رکھنے پر شرکاء مارچ تحسین کے مستحق ہیں۔ تاہم انہوں نے حکمرانوں پر یہ بھی واضح کیا کہ جماعت اسلامی پٹرولیم لیوی اور عوام کے حقوق کے حوالے سے جاری جدوجہد میں مزید تیزی لائے گی، جمعہ کو چارسدہ میں جلسہ عام ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف نے ملاقات کے لیے شیڈول کی تیاری کا پیغام بھیجا ہے، ان سے ملاقات بھی کریں گے تاہم وہ اپنے وعدے پر عملدرآمد کرتے ہوئے لیوی پر عوام کو ریلیف دیں، بصورت دیگر ملتان سے اسلام آباد مارچ کا آغاز ہو جائے گا اور ملک بھر سے قافلے وفاقی دارالحکومت پہنچ کر دھرنا دیں گے، اہل اسلام آباد میزبانی کی تیاری کریں۔ حافظ نعیم الرحمن کا کہنا تھا کہ ملک پر فارم سنتالیس سے آئے ہوئے لوگ مسلط ہیں، ہائبرڈ نظام ہے، آزاد کشمیر کے حالات ٹھیک نہیں، کے پی اور بلوچستان میں دہشت گردی جاری ہے، حکومت ان حالات میں عوام کو مزید تقسیم نہ کرے اور لوگوں سے ان کا جمہوری حق نہ چھینے، حکمران اپنی عیاشیاں ترک کریں، وزیر اعلیٰ پنجاب گیارہ ارب کے جہاز میں گھومتی ہیں، مافیائی نظام ہے، مسلط اشرافیہ کو قوم کو حقوق دینا پڑیں گے، جماعت اسلامی مظلوم عوام کو اس مافیائی نظام کے مقابلے میں لا کر کھڑا کرے گی۔ حافظ نعیم الرحمن نے کہا کہ فلسطین کے حوالے سے جدوجہد جاری رہے گی، پاکستان کے عوام اہل فلسطین کے ساتھ ہیں، حکمران اپنا حق ادا نہیں کر رہے۔ حکمران زبانی جمع خرچ نہ کریں، عملی اقدامات اٹھائیں۔ حکومت مسئلہ فلسطین کے دو نہیں ایک ریاستی حل کی بات کرے۔ انہوں نے کہا کہ سات اکتوبر کو دنیا میں بڑی تبدیلی رونما ہوئی، کچھ لوگ سمجھتے تھے کہ امریکہ واسرائیل کو شکست نہیں دی جا سکتی، لیکن مجاہدین و محافظین الاقصیٰ نے وہ طوفان برپا کیا کہ دنیا کو حیران اور اسرائیل کو بے نقاب کر دیا۔ ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ مسلمان حکمران اس لمحے یکجا ہو جاتے اور اسرائیلی سفاکیت کو ہمیشہ کے لیے ختم کر دیتے لیکن یہ خاموش رہے اور اسرائیل نے اپنی شکست کا بدلہ نہتے فلسطینیوں سے لیا، بچوں، خواتین سمیت ہزاروں کو شہید کر دیے گئے، آج بھی لاشیں ملبے تلے دبی ہوئی ہیں۔ نام نہاد جنگ بندی کے بعد بھی چودہ سو فلسطینی شہید ہوئے اور پانچ ہزار زخمی ہیں۔ غزہ پر اسرائیلی سفاکیت نے مغربی جمہوریت کا چہرہ فاش کر دیا، امریکہ کا دہشت گرد روپ مزید واضح ہو گیا۔ پوری دنیا میں اسرائیلی سفاکیت کے خلاف عوام اٹھ کھڑی ہوئی ہے، تاہم حکمران طبقہ ان کے لیے رکاوٹیں کھڑی کر دیتے ہیں۔ اس وقت بھی اسرائیل کی جیلوں میں نو ہزار فلسطینی قید ہیں جو بدترین تشدد کا شکار ہیں، تین سو کو شہید کر دیا گیا۔ امیر جماعت اسلامی نے کہا کہ جنگ سے پہلے اسرائیلی وامریکی پروپیگنڈہ سے لوگوں کی آنکھوں پر پٹی باندھ دیتے تھے، یہ طاقت اللہ تعالیٰ نے حماس کو دی ہے کہ اس نے مغرب کے پروپیگنڈہ کو بے نقاب کر دیا ہے، اہل غزہ نے پوری دنیا کو آنکھیں کھول دی ہیں، اہل غزہ قرآن کی تلاوت کرتے ہیں، جذبوں سے معمور ہیں، وہ میدان عمل میں موجود ہیں، وہ علم و اخلاق سے لبریز ہیں اور سفارت کاری میں بھی سب سے آگے ہیں، اہل غزہ امت کی ترجمانی کر رہے ہیں اور امت کو جوڑنے والے ہیں۔ حماس دنیا میں تحریک اسلامی کی بہترین مثال ہے۔ حماس نے ثابت کر دیا کہ حقیقی اسلامی تحریکیں نچلی سطح تک عوام سے جڑی ہوتی ہیں۔ حماس نے سوشل میڈیا کی طاقت کا بہترین استعمال کیا ہے۔

بقیہ نمبر 39

ہے۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے پروگرام میں مالی منصوبہ بندی سے متعلق غلطی کی نشاندہی بھی کی گئی تھی۔ دستاویزات کے مطابق زیر التوا دوسری قسطوں کیلئے 6 ارب 39 کروڑ 20 لاکھ روپے منظور کیے گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 40

دیا جائے۔ حکمرانوں نے کشمیر پر ٹرمپ کی ثالثی کا ڈھونگ رچایا، ثالثی کہاں گئی؟ ہمیں معلوم ہے مقبوضہ کشمیر کسی کی ثالثی سے نہیں زور بازو سے آزاد ہوگا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اسلام آباد میں غزہ یکجہتی مارچ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ مارچ سے نائب امیر میاں محمد اسلم، امیر اسلام آباد نصر اللہ رندھاوا، سیکرٹری جنرل اسلام آباد زبیر صفدر، رہنما فرینڈز آف فلسطین ڈاکٹر بلال اور ناظم صوبہ اسلامی جمعیت طلبہ احمد عبداللہ نے بھی خطاب کیا۔ امیر جماعت اسلامی کی اپیل پر سات اکتوبر طوفان الاقصیٰ کے دن کی مناسبت سے ملک بھر میں ریلیاں اور مظاہرے ہوئے جن میں ہزاروں افراد نے فلسطینی پرچم اٹھا کر شرکت کی اور اہل غزہ کے حق میں نعرے بازی کی۔

بقیہ نمبر 41

ہے۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے پروگرام میں مالی منصوبہ بندی سے متعلق غلطی کی نشاندہی بھی کی گئی تھی

بقیہ نمبر 42

متعارف کرا دیا ہے۔ اس خصوصی ایڈیشن کو منفرد "آؤٹ بیک اورنج" رنگ میں پیش کیا گیا ہے۔ بی وائی ڈی شارک 6 پاکستان کا پہلا اور طاقتور ترین پلگ ان ہائبرڈ پک اپ ہے، جو برقی کارکردگی، طاقت اور آف روڈ ٹیکنالوجی کو یکجا کرتے ہوئے ایڈونچر اور سنسنی کے شوقین افراد کے لیے ایک منفرد ڈرائیونگ تجربہ پیش کرتا ہے۔ خصوصی سالگرہ ایڈیشن کو حال ہی میں لاہور میں منعقد ہونے والے پاکستان آٹو شو 2026 میں متعارف کرایا گیا۔ اس اہم سنگ میل پر گفتگو کرتے ہوئے میگا موٹر کمپنی میں بی وائی ڈی کے نائب صدر برائے سیلز اینڈ اسٹریٹجی، دانش خالق نے کہا: "ابتدا ہی سے ہمارا مقصد پاکستانی صارفین کو اس شعبے میں ایک ایسا آپشن فراہم کرنا تھا جو اس سے قبل دستیاب نہیں تھا۔ ایسا پک اپ جو صارفین کی توقعات کے مطابق طاقت اور استعداد کے ساتھ پلگ ان ہائبرڈ ٹیکنالوجی اور جدید ڈرائیونگ تجربہ فراہم کرے۔ ایک سال بعد شارک 6 کو ملنے والا ردعمل ہمارے اس یقین کو مزید مضبوط بناتا ہے کہ جب صارفین کو درست آپشنز فراہم کیے جائیں تو وہ نئی ٹیکنالوجی کو اپنانے کے لیے تیار ہوتے ہیں۔" بی وائی ڈی شارک 6 میں بی وائی ڈی کی سپر ڈی ایم او ٹیکنالوجی شامل ہے، جو 436 ہارس پاور اور 650 نیوٹن میٹر ٹارک فراہم کرتی ہے، جبکہ گاڑی کی مجموعی رینج 800 کلومیٹر تک ہے۔ سالگرہ ایڈیشن میں شارک 6 کی وہ تمام خصوصیات برقرار رکھی گئی ہیں جنہوں نے اسے نمایاں بنایا، تاہم ایسے صارفین کے لیے ایک منفرد اور نمایاں نیا رنگ بھی متعارف کرایا گیا ہے جو اپنی گاڑی کو مزید منفرد بنانا چاہتے ہیں۔ شارک 6 کا ہائبرڈ پاور ٹرین اسے مختلف زمینی حالات میں موثر کارکردگی کے قابل بناتا ہے۔ گاڑی میں کیچڑ، برف اور ریت کے لیے خصوصی ڈرائیونگ موڈز بھی شامل ہیں، جو آف روڈ سفر کے دوران بہتر کارکردگی فراہم کرتے ہیں۔ اس کی وسیع رینج صارفین کو روزمرہ استعمال کے ساتھ ساتھ طویل سفر کے لیے بھی اضافی سہولت اور لچک فراہم کرتی ہے۔ بی وائی ڈی شارک 6 کی پاکستان میں پہلی سالگرہ کے موقع پر یکم اکتوبر سے 31 اکتوبر 2026 کے دوران کی جانے والی تمام بکنگز پر، مکمل ادائیگی کی صورت میں، صارفین کو 30 دن کے اندر گاڑی فراہم کی جائے گی۔ یہ پیشکش منتخب رنگوں پر لاگو ہوگی، جبکہ صارفین کو ایک سال کی مفت سروس اور دیکھ بھال کی سہولت بھی فراہم کی جائے گی

بقیہ نمبر 43

سے پہلی بار قرارداد میں پانی کے سرحد پار تعاون کا واضح حوالہ شامل ہے۔ قرارداد جرمنی اور اسپین کی جانب سے پیش کی گئی، پاکستان نے سرحد پار آبی تعاون کو قرارداد کے حتمی متن میں رکھنے کے لیے فعال کردار ادا کیا۔ بھارت نے قرارداد سے سرحد پار آبی تعاون کا حوالہ ختم کرنے کی کوشش کی تاہم انسانی حقوق کونسل کے 47 رکن ممالک نے قرارداد کو اتفاق رائے سے منظور کیا۔ قرارداد میں پہلی بار واضح تسلیم کیا گیا کہ سرحد پار آبی تعاون محفوظ پینے کے پانی اور صفائی ستھرائی کے انسانی حقوق کے حصول سے براہ راست تعلق ہے۔ پاکستان کی جانب سے فرسٹ سیکرٹری عدیل کھوکھر نے کہا کہ مشترکہ پانیوں پر تعاون ہمسایہ ممالک کی مشترکہ ذمہ داری ہے، کوئی بھی بالائی دریائی ملک پانی کو سیاسی دباؤ اور اثر و رسوخ کے آلے کے طور پر استعمال نہیں کر سکتا۔

بقیہ نمبر 44

فائرنگ کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ زخمی ہونے والے 4 اہلکاروں کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے، پولیس نے علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی ہے۔

بقیہ نمبر 45

دھانی نے عمدہ بولنگ کا مظاہرہ کیا ایبٹ آباد میں غنی کی ٹیم پہلی اننگز میں 102 رنز پر آؤٹ ہوگئی حارث رؤف نے چار جبکہ اسرار حسین اور کاشف علی نے تین، تین وکٹیں حاصل کیں جواب میں پی پی ڈی نے پہلی اننگز میں چار وکٹوں کے نقصان پر 324 رنز بنا کر اپنی پوزیشن مستحکم کر لی۔

بقیہ نمبر 46

اس کے جائز حصے کے پانی سے محروم کرنے کی کوئی بھی کوشش علاقائی امن اور سلامتی کے لیے سنگین مضمرات کی حامل ہوگی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو آسٹریا دیانا کی ڈپلومیٹک اکیڈمی کے زیر اہتمام انٹرنیشنل واٹر سمپوزیم سے ورچوئل کلیدی خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ نمبر 47

سے میزائل حملوں کے خدشات یمن کے دارالحکومت صنعاء، صعدہ اور عمران سے درپیش ہیں جو گروپ کے زیر کنٹرول علاقے ہیں۔ دوسری جانب یمن میں حوثیوں کی اکثریتی تنظیم انصار اللہ پر سعودی اتحادی افواج کے حملے جاری ہیں۔ سعودی اتحاد کے مطابق صنعا، صعدہ اور حدیدہ میں اسلحہ ڈپو، دھماکا خیز بوٹ، ویئر ہاؤسز، بحری سرنگیں، بیلسٹک میزائل لانچنگ پلیٹ فارم اور بیلسٹک میزائلوں کا گودام تباہ کر دیا ہے۔ یمن کی خبر ایجنسی کے مطابق تعز میں حوثی ملیشیا کے ڈھائی سو جنگجو ہلاک اور زخمی ہوئے ہیں۔

بقیہ نمبر 48

، لانگ مارچ اور غیر یقینی صورتحال کے باعث سی ایم ہاؤس میں ہونیوالا محکمہ پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ کا اجلاس نہ ہو سکا۔ وزیر اعلیٰ یا کوئی وزیر کل ڈیرہ اسماعیل خان کے پولیس اور ایف بی آر اہلکاروں کی شہادت پر نماز جنازہ میں بھی شریک نہیں ہوا، وزیر اعلیٰ آفس میں وزیر اعلیٰ کی عدم موجودگی کے باعث متعدد سمریاں رکی ہوئی ہیں، وزیروں اور مشیروں کی کمیٹیوں کے اجلاس بھی نہیں ہو سکے۔ وزیر اعلیٰ کی لانگ مارچ میں شرکت کے باعث افسران بھی مصروف ہیں اور سرکاری محکموں کی ڈاک رکی ہوئی ہے۔

بقیہ نمبر 49

البریج اور المغازی پناہ گزین کیمپوں پر اسرائیلی فوج کی تازہ گولہ باری کے نتیجے میں مزید 6 فلسطینی شہید ہو گئے۔ فلسطینی ذرائع اور غزہ کی وزارت صحت کے مطابق جنگ بندی کے آغاز 11 اکتوبر 2025 سے اب تک تقریباً 400,1 سے 430,1 کے قریب فلسطینی اسرائیلی فضائی حملوں اور فائرنگ سے شہید اور ڈیڑھ ہزار سے زائد زخمی ہو چکے ہیں، حملوں میں اوسطاً روزانہ تقریباً چار افراد شہید ہو رہے ہیں۔ جنوری 2026 میں رات کے وقت ایک ہی حملے میں سو سے زائد افراد شہید ہوئے جسے جنگ بندی کے بعد سب سے ہلاکت خیز رات قرار دیا گیا۔ ادھر شجاعیہ، زیتون، بیت لاہیہ اور دیگر علاقوں میں گھروں اور دیگر تنصیبات کی مسماری، ڈرون حملوں اور توپ خانے کی شیلنگ مسلسل جاری رہتی ہے۔ غزہ کی وزارت صحت کے مطابق 7 اکتوبر 2023 کے حملے کے بعد سے اب تک 74 ہزار سے زائد فلسطینی شہید اور ایک لاکھ، 57 ہزار سے زائد زخمی ہو چکے ہیں۔ اسرائیل نے بعض بین الاقوامی امدادی تنظیموں، جیسے ڈاکٹرز ود آؤٹ بارڈرز اور نارویجن ریفیوجی کونسل پر غزہ میں کام کرنے کی پابندی بھی عائد کر رکھی ہے۔ 7 اکتوبر 2023 کو حماس نے پیراشوٹ کے ذریعے اور موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر جنوبی اسرائیل میں مختلف آبادیوں، فوجی اڈوں اور ایک موسیقی میلے پر حملہ کر دیا تھا۔ اسرائیلی اور بین الاقوامی ذرائع کے مطابق حملے میں تقریباً 1200 اسرائیلی ہلاک ہوئے تھے جبکہ 251 افراد کو یرغمال بنا کر غزہ لے جایا گیا تھا۔ اس حملے کے بعد اسرائیل نے فلسطینیوں پر بمباری کا سلسلہ شروع کر دیا، اسرائیلی فوج نے ہسپتالوں اور اسکولوں کو بھی نشانہ بنانے سے دریغ نہیں کیا۔ اقوام متحدہ اور دیگر اداروں کی رپورٹس کے مطابق غزہ میں جانی نقصان کے ساتھ صحت کا نظام، رہائشی عمارتیں اور بنیادی ڈھانچہ بھی بڑے پیمانے پر تباہ ہوا ہے۔ تازہ جائزوں کے مطابق تقریباً 82 فیصد انفرا اسٹرکچر متاثر ہوا ہے جبکہ تقریباً 21 لاکھ افراد بے گھر ہو کر عارضی پناہ گاہوں میں رہنے پر مجبور ہیں۔

بقیہ نمبر 50

جانی نقصان نہیں ہوا۔ مقامی سکیورٹی حکام کے مطابق دونوں میزائل حوثی گروپ کی جانب سے داغے گئے اور عدن کے بین الاقوامی ہوائی اڈے کو نشانہ بنایا گیا۔ عدن کے سکیورٹی ڈیپارٹمنٹ نے بتایا کہ حملے کے بعد تاحال کسی ہلاکت یا زخمی ہونے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی۔

بقیہ نمبر 51

ہے کہ محکمہ بلدیات پنجاب کی جانب سے مقامی حکومتوں کے انتخابات اپریل 2027 میں کرانے کی تجویز زیر غور ہے، اس حوالے سے محکمہ بلدیات پنجاب کی جانب سے وزیر اعلیٰ پنجاب کو کابینہ اجلاس میں تفصیلی بریفنگ دی جائے گی۔

بقیہ نمبر 52

معاہدے پر عمل درآمد بھی متاثر ہوا ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کے نمائندے ہادی فرج وند نے تنظیم برائے ممانعت کیمیائی ہتھیار (او پی سی ڈبلیو) سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایران کی کیمیائی صنعتوں کے خلاف امریکی فوجی کارروائی نے سپلائی چینز کو متاثر کیا ہے اور کیمیکل ویپنز کنونشن پر عمل درآمد میں رکاوٹیں پیدا کی ہیں

بقیہ نمبر 53

نے مینول بینک چالان کے ذریعے ادائیگی کو ترجیح دی۔ ترجمان کے مطابق ڈیجیٹل حج پورٹل کے ذریعے گھر بیٹھے آن لائن ادائیگی کا تناسب 55 فیصد سے بڑھ گیا ہے، جبکہ حج واجبات کی دوسری قسط کی مد میں 14 ارب 17 کروڑ روپے موصول ہو چکے ہیں

بقیہ نمبر 54

گردی کے خلاف جنگ میں غیر مشروط طور پر پاکستان اور وفاقی حکومت کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے تحریک انصاف سے کبھی یہ نہیں کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان سے ملاقات نہیں کرائی جائے گی، حکومت نے پی ٹی آئی کو کہا تھا کہ وہ اپنی ذمہ داری پر کھڑی ہو، حکومت اور پاکستان کا ساتھ دے، جبکہ عمران خان سے ملاقات، علاج معالجے اور ذاتی ڈاکٹر سے متعلق معاملات حل کرنے کی یقین دہانی بھی کرائی گئی تھی۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور کا کہنا تھا کہ مذاکرات آگے نہ بڑھنے کی ایک وجہ یہ تھی کہ تحریک انصاف نے دہشت گردی کے خلاف حکومت کی بنائی گئی پالیسی سے اتفاق نہیں کیا اور اس پر عملدرآمد کی مخالفت کی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ وزیر اعظم کی مذاکرات کی پیشکش اب بھی موجود ہے، تحریک انصاف لانگ مارچ ختم کرے تو بات چیت ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف لانگ مارچ ایک ماہ بھی جاری رکھے تو خود تھک جائے گی، جبکہ موجودہ تعداد اسلام آباد آنے کی پوزیشن میں نہیں، اگر تحریک انصاف استعفے دینا چاہتی ہے تو یہ بھی پہلے کر چکی ہے، دو اسمبلیاں توڑنے کا تجربہ بھی کر چکی ہے اور دوبارہ ایسا کر کے دیکھ سکتی ہے۔ وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں مولانا فضل الرحمان حکومت اور افواج پاکستان کے ساتھ ہیں اور حکومت کے ان سے رابطے بھی موجود ہیں۔

بقیہ نمبر 55

وشمار کے مطابق جنگ کے دوران تقریباً 71 ہزار 846 بچے یتیم جبکہ 64 ہزار 413 خواتین بیوہ ہو چکی ہیں، جبکہ خواتین کی سربراہی میں خاندانوں کی تعداد تقریباً 86 ہزار تک پہنچ گئی ہے

بقیہ نمبر 56

مبینہ طور پر مالی معاملات میں نشانے پر رہے۔ من پسند ڈیوٹی کے عوض ماہانہ 30 ہزار روپے بھتہ وصول کرنے، غیر حاضری کے باوجود حاضری لگانے اور اہلکاروں سے ماہانہ 30 ہزار روپے کے سگریٹ اور دو لاکھ روپے پٹرول کی مد میں رقم وصول کرنے کے الزامات بھی چارج شیٹ میں شامل ہیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اشفاق اشرف کے خلاف تحقیقات کا حکم دے دیا۔ ایڈیشنل سیکرٹری حسین رضا زیدی کو انکوائری افسر مقرر کرتے ہوئے سات روز میں رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ نمبر 57

کنونشن سینٹر اسلام آباد میں کیا جائے گا، ہوٹل پلاٹس کی اوپن نیلامی 12 اکتوبر 2026 کو صبح 10 بجے سی ڈی اے کی جانب سے اسلام آباد کے اہم مقامات پر واقع پانچ ہوٹل پلاٹس نیلام کیے جائیں گے، جن کا مقصد شہر میں معیاری ہوٹلنگ، سیاحت اور کانفرنسز کے بڑھتے ہوئے تقاضوں کو پورا کرنا ہے۔ پلاٹس کے مقامات: * پلاٹ نمبر 22، ڈی-12 مرکز * کنونشن سینٹر ہوٹل پلاٹ نمبر 6، ایف-5/1 * فائیو اسٹار ہوٹل پلاٹ نمبر 8، ایف-5/1 * ای-11 ناردرن اسٹرپ میں ہوٹل پلاٹ * اسپورٹس کمپلیکس اور مارگلہ ہوٹل کے درمیان سرینگر ہائی وے پر واقع ہوٹل پلاٹ سرمایہ کاروں کے لیے سہولیات * کامیاب بولی دہندگان کے لیے ایک سال کی آسان اور لچکدار ادائیگی کی سہولت * 25 فیصد ادائیگی پر بلڈنگ پلان کی منظوری * 75 فیصد ادائیگی پر قبضہ دیا جائے گا، جبکہ بقیہ رقم کے لیے مقامی شیڈولڈ بینک کی قابل قبول بینک گارنٹی فراہم کرنا ہوگی * 30 دن کے اندر مکمل ادائیگی پر 5 فیصد رعایت * امریکی ڈالر میں مکمل ادائیگی کی صورت میں مزید 5 فیصد رعایت * بیرون ملک مقیم سرمایہ کاروں کی سہولت کے لیے نیلامی سے کم از کم ایک روز قبل ٹوکن جاری کرنے کی سہولت، جبکہ ادائیگی روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ (RDA) یا مقامی بینکنگ چینلز کے ذریعے کی جا سکے گی۔ پٹرول پمپ سائٹس کی اوپن نیلامی 13 اکتوبر 2026 کو سی ڈی اے کی جانب سے رجسٹرڈ آئل مارکیٹنگ کمپنیوں (OMCs) کے لیے سات پٹرول پمپ سائٹس پیش کی جائیں گی۔ مذکورہ سائٹس 20 سالہ لیز کی بنیاد پر ایک ہی پیکیج کے طور پر نیلام کی جائیں گی۔ سائٹس کے مقامات اور رقبہ: * مری روڈ، لیک ویو پارک کے قریب پلاٹ نمبر 1 اور 2 ہر ایک 55.555,3 مربع گز * بلیو ایریا ایف-10 500,2 مربع گز * آئی-12 مرکز 88.688,3 مربع گز * پلاٹ نمبر B-15، جی-8 مرکز 200,1 مربع گز * پلاٹ نمبر A-13، موو ایریا جی-8/ 55.555,2 مربع گز * پلاٹ نمبر 26، موو ایریا جی-11/1 000,2 مربع گز شرائط وضوابط * نیلامی میں شرکت کے لیے 2 کروڑ 50 لاکھ روپے ٹوکن منی مقرر ہے * ماہانہ کرایہ اوپن بولی کے ذریعے طے ہوگا اور سی ڈی اے کو پیشگی ادا کیا جائے گا، جبکہ سالانہ کرایے میں 10 فیصد اضافہ ہوگا * کامیاب آئل مارکیٹنگ کمپنی کو سائٹ کی تعمیر اور تکمیل کے لیے زیادہ سے زیادہ 5 ماہ کی مدت دی جائے گی * تعمیر، ترقیاتی کام، یوٹیلیٹیز، قانونی منظوریوں، ٹیکسز اور لائسنسنگ سمیت تمام اخراجات کامیاب بولی

بقیہ نمبر 58

چاہیے تھا، جس نے بھی کہا چلیں ختم کریں، ایسا نہیں ہونا چاہیے تھا، ہم اپنی طرف سے بیٹھے رہے، مذاکرات ختم ہونے کے بعد باہر آ کر بیانات بڑا غلط عمل تھا اس سے اعتماد کو ٹھیس پہنچی ہے، ملک، قوم اور جمہوریت کے لیے مذاکرات کا کامیاب ہونا بڑا ضروری ہے۔

بقیہ نمبر 59

دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے حوالے سے حتمی فیصلہ حالات اور دستیاب آپشنز کو دیکھ کر کیا جائے گا، حکومت گورنر راج سمیت تمام آئینی اور قانونی آپشنز پر غور کر رہی ہے۔ خواجہ آصف نے کہا کہ گورنر راج آخری آپشن ہوگا، حکومت کی کوشش ہے کہ وہاں تک نہ جانا پڑے تاہم اگر کوئی راستہ باقی نہ بچا تو دارالحکومت کو کسی کے رحم وکرم پر نہیں چھوڑ سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ ہر دو تین ماہ بعد لشکر کشی کے ذریعے دارالحکومت پر حملے کی اجازت نہیں دی جا سکتی، اگر دارالحکومت پر حملہ کیا جائے گا تو حکومت کو اپنے تحفظ کا حق حاصل ہے۔

بقیہ نمبر 60

دوں گا، جب تک وزیر اعلیٰ ہوں عوام مخالف ہر پالیسی کی مزاحمت کروں گا، گزشتہ روز کے مذاکرات سیاسی نوعیت کے تھے، مسلط ذہنیت ہم سے ایک اور فوجی آپریشن پر دستخط کرانا چاہتی تھی، میں کبھی اس پالیسی کا حصہ نہیں بنوں گا

بقیہ نمبر 61

بتایا کہ پاکستان اور سعودی عرب کے دفاعی تعلقات کئی دہائیوں سے ہیں اور پاکستان کے دستے کئی دہائیوں سے سعودی عرب میں تعینات ہیں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے بتایا کہ مکہ معاہدے کے تحت سعودی عرب میں موجود پاکستانی دستے مختلف ڈومینز سے تعلق رکھتے ہیں

کراچی، گورنر سندھ نہال ہاشمی سے پیپلز پارٹی رہنما آغا رفیع اللہ ملاقات کر رہے ہیں

14 سال سے آپ دھرنوں پر لگے ہیں اب آپ کو فیض نہیں ملنا، عظمیٰ بخاری

ایک وزیر اعلیٰ لاہور آیا تھا کیا ملا اسے خالی ہاتھ واپس گیا، یہ ملاقات مانگ رہے ہیں، PTI کے دور میں ایک گھر بھی مکمل نہیں ہوا

ایسے ملاقات نہیں ہونی، دوسرے مرتبہ نومئی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے تحریک انصاف کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ہے کہ 14 سال سے آپ دھرنوں پر لگے ہوئے ہیں اب آپ کو فیض نہیں ملنا، فیض اب جا چکا ہے۔ لاہور میں صوبائی وزیر بلال یاسین کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے عظمیٰ بخاری نے کہا کہ ایک وزیر اعلیٰ لاہور آیا تھا کیا ملا اسے خالی ہاتھ واپس گیا، یہ ملاقات مانگ رہے ہیں ایسے ملاقات نہیں ہونی، دوسرے مرتبہ نومئی کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں ایک ایسا گروہ موجود ہے جسے ملک میں ہونے والی ہر اچھی خبر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

حضرت کلو بابا سرکارؒ کا تین روزہ سالانہ عرس اختتام پذیر ہوگئیں

ملک وقوم اور امت مسلمہ کی سلامتی، خوشحالی اور استحکام کیلئے خصوصی دعا

عرس کے موقع پر نیزہ بازی، محفل حمد ونعت اور محفل سماع کا انعقاد بھی کیا گیا

مانسر شریف (نمائندہ خصوصی): حضرت کلو بابا سرکارؒ کے تین روزہ سالانہ عرس کی تقریبات مانسر شریف، ضلع اٹک میں عقیدت و احترام اور مذہبی جوش و جذبے کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئیں۔ عرس کے تیسرے اور آخری روز منعقدہ اختتامی تقریب میں ملک وقوم، امت مسلمہ کی سلامتی، خوشحالی، ترقی اور استحکام سمیت عالم اسلام کی سربلندی کیلئے خصوصی دعا کی گئی۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

ترک تعاون و رابطہ ایجنسی کے زیر اہتمام اساتذہ کی تربیت کا منصوبہ

اسلام آباد (صباح نیوز) ترک تعاون و رابطہ ایجنسی (TIKA) نے Teach For Pakistan کے تربیتی مرکز کی اپ گریڈیشن مکمل ہونے کے بعد اس کا افتتاح کردیا۔ اس منصوبے کا مقصد کم آمدنی والے علاقوں کے سرکاری اسکولوں میں خدمات انجام دینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

خلیج میں کشیدگی، پاکستان کے مختلف ایئرپورٹس پر فضائی آپریشن پھر متاثر

لاہور (صباح نیوز) خلیجی ممالک میں کشیدگی کے باعث پاکستان کے مختلف ایئرپورٹس پر فضائی آپریشن ایک بار پھر متاثر ہوگیا۔ لاہور علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ سمیت ملک بھر کے دیگر ایئرپورٹس سے سعودی عرب، بحرین، دبئی اور دیگر ممالک جانے والی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

انمول عرف پنکی منشیات کیس بریت کی درخواست پر نوٹس جاری

کراچی (نیوز ایجنسیاں) کوکین کوئن انمول عرف پنکی کی منشیات کیس میں عدالت نے بریت کی درخواست پر نوٹس جاری کردیا۔ کراچی کی سیشن عدالت جنوبی میں منشیات کے مقدمے میں نامزد ملزمہ انمول عرف پنکی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس اور فاروق ہاسپٹلز میں معاہدہ

معاہدہ صحافیوں اور انکے اہلِ خانہ کیلئے مثبت اور عملی فلاحی اقدام، شاہنواز خان

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس (IUJ) اور فاروق گروپ آف ہاسپٹلز کے درمیان صحافی برادری اور ان کے اہلِ خانہ کو معیاری اور رعایتی طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کر دیے گئے۔ اس موقع پر اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس کے صدر فیاض تنولی، جنرل سیکرٹری سردار سجاد طارق، سیکرٹری فائنانس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)

اسلام آباد یونین آف جرنلسٹس اور فاروق ہاسپٹلز میں معاہدہ پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

راولپنڈی میں بین الاقوامی کرکٹ مقابلوں کیلئے صفائی انتظامات مکمل، اینٹی لٹرنگ سکواڈ کارروائیاں جاری

ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی کا گلاس فیکٹری روڈ، یوسی 32 کا دورہ، صفائی آپریشن سمیت انسدادِ سموگ اقدامات کا جائزہ

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی میں پاکستان اور سری لنکا کے درمیان ٹی ٹونٹی سیریز سمیت آئندہ بین الاقوامی کرکٹ مقابلوں کے لیے خصوصی صفائی انتظامات مکمل کر لیے گئے ہیں، ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی راولپنڈی رانا ساجد صفدر نے گلاس فیکٹری روڈ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)

فیصل آباد، مزدور ٹرک سے سامان کو ان لوڈ کر رہے ہیں

صوابی: ایم پی اے کے حجرے پر حملہ، بھائی اور 3 سیکیورٹی گارڈز اغوا

صوابی (صباح نیوز) صوابی میں ایم پی اے عبد الکریم خان تور ڈھیر کے گھر اور حجرے پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی، پولیس کے مطابق ایم پی اے موقع پر موجود نہیں تھے، نامعلوم نقاب پوش افراد نے ایم پی اے کے بھائی عبدالناصر اور 3 سیکیورٹی گارڈز کو اغوا کرلیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ کی اطلاع ملتے ہی ڈی ایس پی چھوٹا لاہور فضل شیر خان موقع پر پہنچ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

گوجر خان، تاش پر جواء کھیلنے والے 7 افراد گرفتار

داؤ پر لگی رقم، 10 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد، مقدمات کا اندراج

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجر خان پولیس کی کارروائی، تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 7 افراد گرفتار، داؤ پر لگی رقم، 10 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش کے پتوں پر جواء کھیلنے والے 7 افراد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

بیریئر ہٹانے کا مقدمہ، ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد کی انسداد دہشت گردی عدالت نے بیریئر ہٹانے کے کیس میں ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ پر فرد جرم عائد کردی۔ ایمان مزاری اور ہادی علی چٹھہ کے خلاف یہ مقدمہ بین الاقوامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11)

جنگ کے دوران کم از کم 81 امریکی فوجی طیاروں کو نقصان پہنچا، رپورٹ

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) ایران کے خلاف جنگ میں کم از کم 81 امریکی فوجی طیاروں کو نقصان پہنچنے کا انکشاف ہوا ہے۔ یہ انکشاف کانگریشنل ریسرچ سروس کی رپورٹ میں ہوا ہے

نیشنل رجسٹریشن امتحان سٹیپ ون کی تاریخ تبدیل، 8 نومبر کو ہوگا

لاہور (نیوز ایجنسیاں) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے نیشنل رجسٹریشن ایگزیمینیشن سٹیپ ون کی تاریخ تبدیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

مزاحمتی تنظیموں کا تازہ حملوں میں 2 طالبان عہدیدار ہلاک کرنیکا دعویٰ

کابل (نیوز ایجنسیاں) افغانستان میں طالبان حکومت کے خلاف مزاحمت میں تیزی آنے لگی، مزاحمتی تنظیموں نے تازہ حملوں میں افغان طالبان کے 2 عہدیداروں کو ہلاک کرنے کا دعویٰ کیا ہے۔ افغان میڈیا افغان انٹرنیشنل کے مطابق افغانستان یونائیٹڈ فرنٹ نے ایکس پر جاری بیان میں دعویٰ کیا ہے کہ قندھار کے ضلع خاکریز میں طالبان کے امر بالمعروف کے محتسب عبدالرحمان کو ٹارگٹڈ کارروائی میں ہلاک کردیا گیا۔

SHEHAR NAMA Islamabad
شہرنامہ اسلام آباد

شکایات سیل

- ★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
- ★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
- ★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
- ★ آپ کا حق تلف کیا گیا
- ★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
- ★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
- ★ آپ آگر قبچہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
- ★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
- ★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
- ★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

انسدادِ پولیو مہم، 2 کروڑ 93 لاکھ بچوں کو قطرے پلائے گئے

مہمات کے نتیجے میں پاکستان میں پولیو کیسز میں 8.99 فیصد کی ریکارڈ

اسلام آباد (صباح نیوز) حکومتِ پاکستان کی قیادت میں پاکستان انسدادِ پولیو پروگرام (PEI) کے تحت جاری ذیلی قومی انسدادِ پولیو مہم کامیابی سے مکمل ہوگئی۔ مہم کے دوران منتخب زیادہ خطرے والے اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر 2 کروڑ 93 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے گئے۔ فرنٹ لائن پولیو ورکرز کی مسلسل محنت اور ملک بھر میں جاری انسدادِ پولیو مہمات کے نتیجے میں پاکستان میں پولیو کیسز میں 8.99 فیصد کی ریکارڈ کی گئی ہے۔ 1990 کی دہائی کے اوائل میں سالانہ تقریباً 20 ہزار کیسز کے مقابلے میں 2025 میں یہ تعداد کم ہو کر 31 رہ گئی جبکہ 2026 میں اب تک 6 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ رواں سال رپورٹ ہونے والے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)

نزالی کسوال میں بڑی نقب زنی

22 تولہ کے طلائی زیورات چوری

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گوجرخان تھانہ کی پولیس چوکی قاضیاں کی حدود میں گاؤں نزالی کسوال میں نامعلوم چور گھر کے تالے توڑ کر 22 تولہ طلائی زیورات اور قیمتی سامان لے کر فرار ہوگئے۔ چوری شدہ زیورات کی مالیت تقریباً 90 لاکھ روپے سے زائد بتائی گئی ہے۔ پولیس کے مطابق مدعی راجہ جہانگیر احمد بھٹی نے تھانہ قاضیاں میں درخواست دی کہ وہ 6 اکتوبر کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

چیف جسٹس ہائیکورٹ کا ایکشن، ڈسپلن کی خلاف ورزی پر سول جج برطرف

سپریم کورٹ سے ڈیپوٹیشن ختم ہونیکے بعد سول جج مسلسل غیر حاضر رہیں

لاہور (نیوز ایجنسیاں) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے مس کنڈکٹ اور ڈسپلن کی خلاف ورزی پر ایکشن لے لیا۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے ڈسپلن کی خلاف ورزی پر خاتون سول جج ظلِ ہما کو برطرف کردیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق سپریم کورٹ سے ڈیپوٹیشن ختم ہونیکے بعد سول جج مسلسل غیر حاضر رہیں۔ نوٹیفکیشن میں بتایا گیا کہ سول جج کو وضاحت کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

سی ڈی اے کی اسلام آباد بھر میں شجرکاری مہم بھرپور انداز میں جاری

شہر کے مختلف علاقوں میں جاری سرگرمیوں کو مزید وسعت دی جائے، کمشنر سہیل اشرف

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ)* وفاقی وزیر داخلہ اور چیئرمین سی ڈی اے کی ہدایات پر سی ڈی اے کے انوائرمنٹ ونگ نے شہر کے مختلف علاقوں میں شجرکاری کی سرگرمیوں کو مزید تیز کر دیا ہے۔ اسلام آباد کی اہم شاہراہوں، ایونیو، گرین بیلٹس، پارکس، تفریحی مقامات، عوامی مقامات، انٹرچینجز اور دیگر نمایاں مقامات پر بڑے پیمانے پر شجرکاری اور لینڈ اسکیپنگ کا کام جاری ہے۔ اس کے علاوہ شہر کے اہم داخلی راستوں اور مرکزی شاہراہوں کی لینڈ اسکیپنگ اور خوبصورتی پر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

شعبہ صحت میں بہتری کے لیے کوشاں ہیں، ڈپٹی کمشنر مری

عوام کو طبی سہولیات کی فراہمی میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی کی جانب سے ضلع مری کے مختلف بنیادی صحت کے مراکز (Basic Health BHUs-Units) کے سرپرائز دوروں کا سلسلہ جاری ہے۔ ان دوروں کا مقصد عوام کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کے معیار کا جائزہ لینا، عملے کی حاضری یقینی بنانا اور بنیادی مراکز صحت میں مریضوں کو بہتر طبی خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ ڈی سی مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے بنیادی مرکز صحت نمبل بیراں اور پھکڑیل کا تفصیلی دورہ کیا۔ ڈپٹی کمشنر مری نے دوروں کے دوران طبی عملے کی حاضری، ادویات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

عالمی تیل نرخ میں اضافہ، سپلائی متاثر ہونے کا خدشہ

برینٹ خام تیل کے فی بیرل نرخ میں 1.05 ڈالر، یعنی 1.04 فیصد اضافہ

واشنگٹن (نیوز ایجنسیاں) عالمی منڈی میں بدھ کے روز خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ دیکھا گیا، سرمایہ کار خلیج میکسیکو میں بننے والے سمندری طوفان، مشرقِ وسطیٰ میں بڑھتی ہوئی کشیدگی اور خطے سے خام تیل کی سپلائی میں ممکنہ رکاوٹوں کا جائزہ لے رہے ہیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق برینٹ خام تیل کے فی بیرل نرخ میں 05.1 ڈالر، یعنی 04.1 فیصد اضافہ ہوا اور قیمت 63.101 ڈالر فی بیرل تک پہنچ گئی، امریکی ویسٹ ٹیکساس انٹرمیڈیٹ (ڈبلیو ٹی آئی) کی قیمت 80 سینٹ، یعنی 89.0 فیصد اضافے کے بعد 24.90 ڈالر فی بیرل ہوگئی۔

اقوام متحدہ کو مضبوط بنانا ہوگا، سردار مسعود خان

انتونیو گوتریس نے غزہ، فلسطین اور کشمیر کے مسائل پر مضبوط مؤقف اختیار کئے رکھا

اسلام آباد (خبرنگار) امریکہ، چین اور اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ قواعد پر مبنی عالمی نظام کے تحفظ اور طاقتور کو حق بجانب سمجھنے کے رجحان کی روک تھام کے لیے اقوام متحدہ کو مضبوط اور مؤثر بنانا ہوگا۔ ایک ٹی وی انٹرویو میں اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس کے دورہ پاکستان کی اہمیت پر گفتگو کرتے ہوئے سردار مسعود خان نے کہا کہ سیکریٹری جنرل کا دورہ پاکستان علامتی اور عملی، دونوں حوالوں سے اہمیت کا حامل ہے، خصوصاً ایسے وقت میں جب ان کے عہدے کی مدت اختتام کی جانب بڑھ رہی ہے

اسلام آباد، مزدور پارک روڈ کے اطراف پر پودے لگا رہے ہیں

اہل غزہ پوری امت کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ راجہ جواد

جماعت اسلامی اہل غزہ کی بے مثال جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے

گوجرخان (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی اہل غزہ کی بے مثال جدوجہد کو خراج عقیدت پیش کرتی ہے۔ اہل غزہ پوری امت کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار امیر جماعت اسلامی ضلع راولپنڈی راجہ محمد جواد، چوہدری عطاء ربانی، راجہ عمیر، مولانا قاسم الحق، سہیل عباس قریشی نے گوجرخان چوک میں منعقدہ یکجہتی فلسطین مظاہرہ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ملک بھر کی طرح گوجرخان میں بھی فلسطین سے یکجہتی کا بھرپور مظاہرہ کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ جماعت اسلامی چومکھی لڑائی لڑ رہی ہے۔ پاکستان کے عوام کو درپیش مسائل پر تنہا جماعت اسلامی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھڈانہ تحصیل گوجرخان کا اعزاز

ٹیچر محمد احتشام کو SEDP کا ہیرو ٹیچر ایوارڈ سے نوازا گیا، مبارکبادوں کا سلسلہ جاری

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھڈانہ تحصیل گوجرخان کا اعزاز، ٹیچر محمد احتشام کو SEDP کا ہیرو ٹیچر ایوارڈ سے نوازا گیا گورنمنٹ بوائز ہائی سکول بھڈانہ کے لیے یہ ایک بڑا اعزاز ہے کہ سکول کے قابل اور محنتی ٹیچر محمد احتشام (ایم فل) کو SEDP کی جانب سے ہیرو ٹیچر ایوارڈ 2026 سے نوازا گیا۔ تحصیل گوجرخان سے مجموعی طور پر 10 اساتذہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

ظلم وجبر اور فسطائیت کیخلاف پورا پختونخوا جاگ اٹھا ہے، عمر نواز

حقیقی آزادی کی منزل اب قریب آن پہنچی ہے، متحرک رہنما پی ٹی آئی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی مانسہرہ کے متحرک رہنما عمر نواز خان نے کہا ہے کہ ظلم و جبر اور فسطائیت کے خلاف پورا صوبہ جاگ اٹھا ہے عمران خان کے باصلاحیت سپاہی سہیل خان آفریدی کیساتھ KPK کے غیور عوام نے جس طرح کی جذباتی وابستگی کا اظہار کیا ہے اور جس جوش وخروش کیساتھ صوبے کے مغربی اور جنوبی اضلاع کے عوام نے شرکت کی ہے وہ تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھی جائیگی لاٹھی اور گولی کی سرکار عوامی جذبات کی تپش کا مقابلہ نہیں کرسکتی یہی وجہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی، مزدور روڈ کنارے سخت گرمی میں بیٹھے ہوئے کام ملنے کا انتظار کر رہے ہیں

ڈی سی مری کا نمبل سکول اور اڑی بیران کا دورہ معیاری تعلیم ناگزیر ہے، آغا ظہیر عباس شیرازی

ڈپٹی کمشنر مری کی سائلین کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی فوری احکامات جاری کرنے کی ہدایت

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے تحصیلدار آفس مری کا اچانک دورہ کیا اور دفتر میں موجود سائلین سے ملاقات کر کے ان کے مسائل اور شکایات سنیں، ڈپٹی کمشنر نے سائلین کے مسائل کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو موقع پر ہی فوری احکامات جاری کیے اور ہدایت کی کہ عوامی شکایات کے ازالے میں کسی قسم کی تاخیر نہ کی جائے، انہوں نے دفتر کے انتظامی امور کا بھی جائزہ لیا اور افسران و اہلکاروں کو عوام کو بروقت ریلیف فراہم کرنے، شفافیت برقرار رکھنے اور سائلین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کی ہدایت کی، ڈی سی مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عوام الناس کے مسائل کے حل کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، انتظامیہ کا بنیادی کام لوگوں کے مسائل کو بروقت حل کرنا ہے، پٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے گورنمنٹ پرائمری سکول نمبل اور گورنمنٹ بوائز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)

سولر صارفین کو بڑا جھٹکے کا امکان

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) سولر صارفین کو بڑا جھٹکے کا امکان، حکومت کا نئے صارفین سے 11 جبکہ پرانے صارفین سے 26 روپے یونٹ بجلی خرید کر واپس سلیب ریٹ دیا جائے گا، آئی پی پیز کے وارے نیارے، تفصیلات کے مطابق حکومت کا عنقریب سولر صارفین کو بڑا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

پرنسپل گورنمنٹ کالج جمشید علی کی پوٹھوہار پریس کلب گوجرخان آمد

نو منتخب صدر کلب راجہ اقبال اور جنرل سیکرٹری ملک اسد سمیت دیگر عہدیداران کو مبارکباد

گوجرخان (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ سرور شہید کالج گوجرخان کے پرنسپل پروفیسر جمشید علی نے پوٹھوہار پریس کلب تشریف لائے جہاں صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال اور جنرل سیکرٹری ملک اسد نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ پروفیسر جمشید علی نے صدر پوٹھوہار پریس کلب راجہ محمد اقبال، جنرل سیکرٹری ملک اسد، سینئر نائب صدر راجہ فیصل، نائب صدر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، بھاری مشینری سے پارک روڈ سے منسلک مارگلہ انکلیو کی سڑک کو تعمیر کیا جا رہا ہے

شبیر احمد شاہ کی ضمانت مسترد کرنا قابلِ مذمت ہے: غلام محمد صفی

اسلام آباد (کے ایم ایس) کل جماعتی حریت کانفرنس کی آزاد جموں وکشمیر شاخ نے شہید افضل گورو کے خاندان کے خلاف کارروائی اور سینئر حریت رہنما شبیر احمد شاہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

اسلام آباد ہائیکورٹ، قتل اور اغوا کی ملزمہ کو 5 لاکھ کے عوض ضمانت منظور

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) اسلام آباد ہائی کورٹ نے قتل اور اغوا کیس میں گرفتار ملزمہ کی بعد از گرفتاری ضمانت منظور کرلی، عدالت نے قرار دیا کہ ملزمہ کا قتل میں کوئی براہِ راست ومخصوص کردار سامنے نہیں آیا۔ جسٹس شاہ رخ ارجمند نے 5 لاکھ روپے کے مچلکوں کے عوض ملزمہ ماہ نور شاہد کی ضمانت منظور کرتے ہوئے تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے تحریری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

ڈائریکٹر ایکسائز کا میڈیا ٹاؤن میں ٹیکس سہولت سینٹر قائم کرنیکا اعلان

ٹیکس ٹیم ہر ہفتے میڈیا ٹاؤن میں معاونت فراہم کرے گی، نعمان خالد

راولپنڈی (نامہ نگار) ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن راولپنڈی ڈویژن نعمان خالد نے میڈیا ٹاؤن سوسائٹی آفس میں صحافیوں اور دیگر رہائشیوں کی سہولت سمیت مسائل کے حل کیلئے ای ٹی او ٹیکسیشن سینٹر قائم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ ڈائریکٹر ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن راولپنڈی ڈویژن نعمان خالد نے میڈیا ٹاؤن ہاؤسنگ سوسائٹی کا دورہ کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

اسلام آباد، علامہ شفقت عباس، کاشف چوہدری، مفتی گلزار و دیگر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

مسلم ممالک باہمی اتحاد اور فلسطینی عوام کی حمایت کو ترجیح دیں، مولانا شفقت عباس

فلسطین مشکل وقت میں ھے پاکستانی حکومت اور عوام کو واضح اور مؤثر موقف اختیار کرنے کی ضرورت ہے

عالمی برادری فلسطینیوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھے، تاریخ مظلوموں کیساتھ دینے والوں کی لکھی جاتی ھے

طوفان الاقصیٰ نے فلسطین کی جدوجہد کو عالمی مسئلہ بنا دیا، مفتی گلزار نعیمی، کاشف چوہدری، سید زاہد جعفری، و دیگر کا سیمینار سے خطاب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) تحریک بیداری امت مصطفیٰ کے زیر اہتمام عالمی یوم طوفان الاقصیٰ کے موقع پر سیمینار کا انعقاد کیا گیا، جس میں مقررین نے فلسطین کے عوام سے اظہار یکجہتی کرتے ہوئے عالمی برادری اور مسلم ممالک پر فلسطینیوں کی سیاسی، سفارتی اور اخلاقی حمایت جاری رکھنے پر زور دیا ہے۔ سیمینار سے معلم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)

صحافی سید ساجد نقوی کی صاحبزادی پیا گھر سدھار گئی

رخصتی کی تقریب میں سیاسی، سماجی و مذہبی شخصیات کی بھرپور شرکت

اڈیالہ (نامہ نگار) معروف صحافی سید ساجد نقوی کی صاحبزادی پیا گھر سدھار گئی، رخصتی کی تقریب میں سیاسی، سماجی و مذہبی شخصیات کی بھرپور شرکت۔ نوبیاہتا جوڑے کیلئے نیک خواہشات اور دعائیں۔ مہمانوں کی پُرتکلف کھانے سے تواضع تفصیلات کے مطابق معروف صحافی وسماجی شخصیت سید ساجد نقوی کی صاحبزادی کی شادی سید کمیل حسن کاظمی کے ساتھ طے پائی، جبکہ رخصتی کے موقع پر منعقدہ پُروقار تقریب میں سیاسی، سماجی، مذہبی، صحافتی اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

والد کی پنشن سے نابالغ بچوں کا نان نفقہ ادا کیا جاسکتا ہے، لاہور ہائیکورٹ

لاہور (نیوز ایجنسیاں) لاہور ہائیکورٹ نے نابالغ بچوں کے نان نفقہ کی عدم ادائیگی پر پنشن کی اٹیچمنٹ کے خلاف درخواست خارج کردی۔ جسٹس جاوید (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

MS Safwan Marquee & Event Lawn
سفوان
مارکی اینڈ ایونٹ لان
کی خدمات آپ کے لیے ہمہ وقت حاضر ہیں
آپکے دلوں کی ڈھڑکن آپکی خدمت میں پیش پیش
- کارپوریٹ
- کانفرنس/سیمینار
- فیشن شو/ گالہ ایونٹس
- میرج ایونٹ
- سالگرہ پارٹی
- میوزیکل پروگرام
- مہندی فنکشن
اسپیشل بکنگ آفر
مناسب پیکج پر بکنگ جاری ہے
ایڈوانس بکنگ جاری ہے
پارک روڈ بالمقابل ہاسٹل سٹی نزل کنگ حماد یونیورسٹی اسلام آباد
فون نمبر: 03320491234 , 03310491234 , 051-2321105-7

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
SPS
شہکی پرنٹرز
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اوریجنل انک ویر پارپرنٹس
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ، لیٹر پیڈ، سائن بورڈ، ٹائی، فائل، بل بکس، سکول کاپی، پارٹی پرچم، اشتہارات، بروشرز، سکول ڈائری، سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083